Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعۃ المبارک، 02 جون 2023ء 12 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 48

اجلاس میں ایلی ویٹڈ ایکسپریس وے، نواز شریف انٹرچینج انڈر پاس، کیولری سگنل فری روڈ پراجیکٹس پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

نگران وزیراعلی پنجاب کی شہر میں جاری ترقیاتی منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت

محسن نقوی نے شہر میں جاری ترقیاتی پراجیکٹس کو جلد مکمل کرنے اور نئے پراجیکٹس کے تعمیراتی کام کے آغاز کو جلد از جلد یقینی بنانے کی ہدایت کی

فلاح عامہ کے پراجیکٹس کی بروقت تکمیل کیلئے ٹائم لائن مقرر کر دی، وزیراعلی کی ہدایات کی روشنی میں ترقیاتی پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں کو مقرر کردہ مدت میں مکمل کیا جائے گا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے شہر میں جاری میگا ترقیاتی پراجیکٹس کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت لاہور کے میگا پراجیکٹس پر پیشرفت بارے جائزہ اجلاس ہوا، صوبائی وزیر ہاسنگ اظفر علی ناصر، چیف سیکرٹری، چیئرمین پی اینڈ ڈی، متعلقہ سیکرٹریز، کمشنر لاہور ڈویژن ڈی جی ایل ڈی اے، نیسپاک، ایف ڈبلیو او اور ڈی جی پی ایچ اے اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں ایلی ویٹڈ ایکسپریس وے، نواز شریف انٹرچینج انڈر پاس، کیولری سگنل فری روڈ پراجیکٹس پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا، ارفع کریم ٹاور، فیروز پور روڈ تا پائن ایونیو، ستوکتلہ نالہ اور مین بلیووارڈ تا والٹن، سی بی ڈی پراجیکٹ پر رپورٹس وزیراعلی کو پیش کی گئیں۔ محسن نقوی نے شہر میں جاری ترقیاتی پراجیکٹس کو جلد مکمل کرنے اور نئے پراجیکٹس کے تعمیراتی کام کے آغاز کو جلد از جلد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلی نے ایئرپورٹ پر شجرکاری اور لینڈ سکیپنگ پراجیکٹ کے لئے پی ایچ اے کو جلد از جلد کارروائی مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی، محسن نقوی نے مال روڈ کی گرین بیلٹ کی حالت بہتر بنانے کے لئے بھی احکامات جاری کر دیئے۔ وزیراعلی محسن نقوی نے فلاح عامہ کے پراجیکٹس کی بروقت تکمیل کیلئے ٹائم لائن مقرر کر دی، وزیراعلی کی ہدایات کی روشنی میں ترقیاتی پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں کو مقرر کردہ مدت میں مکمل کیا جائے گا، (بقیہ نمبر 1)

سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الہی کو گرفتار کرلیا گیا

چودھری پرویز الہی کو گرفتار کرنے کیلئے پولیس نے چودھری پرویز الہی کی رہائشگاہ اور قریبی سڑک کا گھیرا کر رکھا تھا

لاہور (خبرنگار) تحریک انصاف کے مرکزی صدر اور سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الہی کو گرفتار کرلیا گیا۔ صدر تحریک انصاف چودھری پرویز الہی کو گرفتار کرنے کیلئے پولیس نے چودھری پرویز الہی کی رہائشگاہ اور قریبی سڑک کا گھیرا کر رکھا تھا۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 4)

سیاسی پینک ختم ہونے کے بعد عوام کو خوشخبریاں مل رہی ہیں، مریم اورنگزیب

اتحادی حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے پرعزم ہے، ہم چاہتے ہیں آج آٹا 35 روپے اور چینی 52 روپے کلو ملے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ سیاسی پینک ختم ہونے کے بعد اچھے نتائج آنا شروع ہوگئے ہیں، اتحادی حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے پرعزم ہے، ہم چاہتے ہیں آج آٹا 35 روپے اور چینی 52 روپے کلو ملے۔ (بقیہ نمبر 3)

پی ڈی ایم قوم کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہے، چوھدری سرور

پی ڈی ایم کا بھی کوئی منشور نہیں سوائے توشہ خانہ اور سکینڈلز کے، اس وقت ملک کو مخلص قیادت کی ضرورت ہے

پشاور (خصوصی خبرنگار) مسلم لیگ (ق) کے مرکزی رہنما چودھری سرور نے کہا ہے کہ ہر موڑ پر تحریک انصاف کی قیادت کو سمجھاتا رہا لیکن وہ نہیں سمجھے، مخالفین کو بدنام کرتے کرتے تحریک انصاف خود تباہ ہو گئی۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق (بقیہ نمبر 2)

قانون سازی سپریم کورٹ کے امور سے متعلق ہے، آپ کو سپریم کورٹ سے مشاورت کرنے چاہیے تھی، چیف جسٹس کا اٹارنی جنرل سے مکالمہ

حکومتی کوشش ناکام، سپریم کورٹ نے عدالتی اصلاحات بل کا پارلیمانی ریکارڈ حاصل کرلیا

اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ سپریم کورٹ نظر ثانی قانون بن چکا ہے، جس کے بعد نظر ثانی کا دائرہ اختیار سماعت سے بڑھ کر اپیل کے مساوی ہو گیا ہے

سپریم کورٹ رولز اینڈ پروسیجر بل اور نظر ثانی کے دائرہ اختیار کو بڑھانے کے قانون میں تھوڑا سا ٹکرا ہے، جبکہ سپریم کورٹ رولز اینڈ پروسیجر کا سیکشن چار اور نظر ثانی قانون کا سیکشن 6 میں مماثلت ہے

سپریم کورٹ معاملہ خود پارلیمنٹ کو بھیجے۔ اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ہم ایسا نہیں کریں گے، ہم آپس میں مشاورت کر کے بتائیں گے، دوسرا طریقہ کار یہ ہے کہ ہم بھی کیس جاری رکھیں، اٹارنی جنرل

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) حکومتی انکار کے بعد سپریم کورٹ نے عدالتی اصلاحات بل کا پارلیمانی ریکارڈ خود ہی حاصل کرلیا۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 8 رکنی بنچ نے سپریم کورٹ رولز اینڈ پروسیجر ایکٹ کیخلاف کیس کی سماعت کی۔ اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ سپریم کورٹ نظر ثانی قانون بن چکا ہے، جس کے بعد نظر ثانی کا دائرہ اختیار سماعت سے بڑھ کر اپیل کے مساوی ہو گیا ہے، سپریم کورٹ رولز اینڈ پروسیجر بل اور نظر ثانی کے دائرہ اختیار کو بڑھانے کے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: حکومتی انکار کے بعد سپریم کورٹ نے عدالتی اصلاحات بل کا پارلیمانی ریکارڈ خود ہی حاصل کرلیا

نیب ترمیمی ایکٹ 2023 نافذ، چیئرمین نیب کے اختیارات میں اضافہ

نیب ترمیمی ایکٹ کے تحت چیئرمین نیب کی عدم دستیابی پر ڈپٹی چیئرمین کو اختیارات حاصل ہوں گے

نیب ترمیمی ایکٹ کے تحت چیئرمین انکوائریز اور انویسٹی گیشن کو بند کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوا سکیں گے

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) چیئرمین نیب کے اختیارات میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، نیب ترمیمی ایکٹ 2023 نافذ العمل ہو گیا۔ نیب ترمیمی ایکٹ کے تحت چیئرمین انکوائریز اور انویسٹی گیشن کو بند کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوا سکیں گے، نیب سیکشن 5 کے برعکس قائم تمام کرپشن (بقیہ نمبر 12)

پاک فوج کے ویٹرنز کا جناح ہاؤس لاہور کا دورہ، 9 مئی کے واقعات کی مذمت

لاہور (نیوز رپورٹر) پاک فوج کے ویٹرنز کا جناح ہاؤس لاہور کا دورہ، وفد نے جناح ہاؤس پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ملزمان کو سخت سزائیں دینے کا مطالبہ کیا۔ پاک فوج کے ویٹرنز کا کہنا (بقیہ نمبر 6)

پنجاب کے شہر کوٹ ادو میں گھر کے اندر دھماکہ، 5 افراد جاں بحق

دھماکے کے باعث 3 افراد زخمی بھی ہوئے، دھماکے کی نوعیت جاننے کی کوشش کی جارہی ہے، پولیس

کوٹ ادو (خصوصی رپورٹر) پنجاب کے شہر کوٹ ادو میں گھر میں دھماکہ، 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ ادو کے تھانہ دائرہ دین پناہ کی حدود میں گھر کے اندر رکھے کباڑ میں دھماکہ ہوا ہے، دھماکے کے باعث 5 افراد جاں بحق اور تین افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ دھماکے کے بعد (بقیہ نمبر 7)

بلوچستان میں دہشتگردوں کا سکیورٹی فورسز کی چوکی پر حملہ، 2 جوان شہید

آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں سے شدید فائرنگ کے تبادلے میں 2 سکیورٹی اہلکار شہید ہو گئے

ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں امن اور استحکام کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جاسکتی

کوئٹہ (خصوصی رپورٹر) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں نے حملہ کر دیا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 اہلکار شہید ہو گئے۔ بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں پاک ایران سرحد پر سکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں نے بڑا حملہ کیا، پوسٹ پر (بقیہ نمبر 8)

کراچی: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علی اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوجرخان میں حاجیوں کی عملی تربیت کیلئے ورکشاپس کا انعقاد

حاجی محمد صدیق عطاری، الحاج عبدالوحید عطاری، لیکر طواف وداع تک عملی رہنمائی کی

ماسٹر ٹرینرز نے ضلع راولپنڈی اور بالخصوص گوجرخان میں حجاج کی عملی تربیت میں کلیدی کردار ادا کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی جانب سے عازمین حج کی تربیت کا سلسلہ جاری، گوجرخان میں حاجیوں کی عملی تربیت کے لیے مختلف مساجد اور مقامات پر ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا جس میں حجاج کرام کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی وزارت مذہبی امور۔ (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز اپنے کام میں مصروف عمل

گزشتہ روز ہونے والی بارش کے باوجود شہر میں صفائی کی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے متحرک ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز گزشتہ روز ہونے والی بارش کے باوجود شہر میں صفائی کی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے متحرک ہیں۔ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے بارش کے دوران شہر کی گلیوں، نالیوں کی صفائی کا کام مسلسل جاری ہے، بارشوں کے دوران آر ڈبلیو ایم سی کے ورکرز شہر کی سڑکوں اور نالیوں کی بھرپور صفائی کر رہے ہیں، صفائی ورکرز کی اضافی نفری شہر میں تعینات کر دی گئی ہے، صفائی ورکرز برستی بارش کے دوران ہی چھوٹی بڑی نالیوں کو اچھی (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز اپنے کام میں مصروف عمل

چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے جسٹس اقبال حمید الرحمان سے حلف لیا

نئے چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ نے حلف اٹھالیا

چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ اقبال حمید الرحمان کی تقریب حلف برداری سپریم کورٹ اسلام آباد میں ہوئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل شریعت کورٹ کے نئے چیف جسٹس اقبال حمید الرحمان نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا، ان سے چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے حلف لیا۔ چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ اقبال حمید الرحمان کی تقریب حلف برداری سپریم کورٹ اسلام آباد میں ہوئی، جس میں چیف جسٹس عمر عطا بندیال کے علاوہ سپریم کورٹ کے دیگر ججز اور اٹارنی جنرل بھی شریک ہوئے۔ تقریب حلف برداری میں شرکت کرنیوالوں میں جسٹس قاضی فائز عیسی، جسٹس سردار طارق، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منصور، جسٹس منیب اختر، جسٹس یحیی آفریدی، جسٹس امین الدین، جسٹس مظاہر نقوی، جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس شاہد وحید اور جسٹس حسن اظہر رضوی سمیت (بقیہ نمبر 9)

پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ، ق لیگ نے دائر درخواستوں کو مسترد کرنے کی استدعا کر دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ق نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیخلاف دائر درخواستوں کو مسترد کرنے کی استدعا کر دی۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ق نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیس میں سپریم کورٹ میں جواب جمع کرا دیا۔ مسلم لیگ ق نے مؤقف اپنایا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ سے عدلیہ کی آزادی میں کمی نہیں اضافہ ہو گا، ملک میں چلنے والا وکلاء تحریک (بقیہ نمبر 10)

سربراہ پاک فضائیہ سے جمہوریہ ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

جناب ایک عارف عثمانوف نے آج سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی

ازبکستان کے سفیر نے پاک فضائیہ کی جانب سے خاص طور پر خود انحصاری کے میدان میں کی گئی غیر معمولی پیش رفت کی تعریف کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) جمہوریہ ازبکستان کے سفیر عزت مآب جناب ایک عارف عثمانوف نے آج سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے معزز مہمان کو اپنے عملی پالیسی فیصلوں سے آگاہ کیا جنکے تحت پاک فضائیہ کو جدید ترین ٹیکنالوجیز کے حصول اور انفراسٹرکچر کی اپگریڈیشن کے ساتھ ساتھ آپریشنل اور تربیتی شعبوں میں بہتر بنا کر جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ ائیر چیف نے پاکستان اور ازبکستان کے مابین دیرینہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی روابط پر بھی روشنی ڈالی جو کہ دونوں ممالک کے مابین مضبوط اور بے مثال دوطرفہ تعلقات کا مظہر ہیں۔ انہوں نے دونوں فضائی افواج کے درمیان تعاون اور (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: جناب ایک عارف عثمانوف نے آج سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی

9 مئی کے واقعات میں کسی بے گناہ کے ساتھ کسی قسم کی کوئی زیادتی نہیں ہونے دی جائے گی طلال چوہدری

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و سابق وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات نے عمران خان اور پی ٹی آئی کو پاکستانی سیاست سے ہمیشہ کیلئے مائنس کر دیا ہے، اسلئے اب خواہ کوئی لاڈلا ہو یا کسی کا پروردہ کسی کو معافی نہیں ملے گی اور ریاست کی رٹ چیلنج کرنیوالوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ وہ فیصل آباد میں اپنی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 15)

آڈیو ٹیپ کون کس قانون کے تحت کرتا ہے؟ کس کے پاس یہ صلاحیت ہے؟ اسلام آباد ہائیکورٹ

کیا آئین اور قانون شہریوں کی کالز کی سرویلنس اور خفیہ ریکارڈنگ کی اجازت دیتا ہے؟ عدالت

عدالت نے استفسار کیا کہ کیا آئین اور قانون شہریوں کی کالز کی سرویلنس اور خفیہ ریکارڈنگ کی اجازت دیتا ہے؟

اسلام آباد (خبرنگار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے شہریوں کی ٹیلی فونک گفتگو کی ریکارڈنگز اور آڈیو لیکس پر اٹارنی جنرل سے معاونت طلب کر لی۔ ہائی کورٹ نے سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے کو آڈیو لیک پر خصوصی کمیٹی میں طلبی کا سمن معطل کرنے کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ جسٹس بابر ستار نے (بقیہ نمبر 18)

تحریک انصاف چھوڑنے والوں میں سے کسی کے ساتھ رابطہ نہیں

حقیقی آزادی کی تحریک میں ہر مشکل وقت میں کپتان کے ساتھ ہیں، پرویز خٹک

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے ان کا تحریک انصاف چھوڑنے والوں میں سے کسی کے ساتھ رابطہ نہیں ہے۔ رپورٹ کے مطابق خیبرپختونخوا کے سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک نے کہا کہ تحریک انصاف چھوڑنے والوں میں سے کسی سے رابطہ نہیں۔ چیئرمین تحریک انصاف کے بغیر سیاست نہیں۔ انہوں نے کہا پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور حقیقی آزادی کی تحریک میں ہر مشکل وقت میں کپتان کے ساتھ ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنماؤں کی جانب سے ایسے بیانات اس وقت سامنے آئے جب گزشتہ روز فواد چوہدری نے اڈیالہ جیل کے باہر پریس کانفرنس کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ایاز صادق سے غیرملکی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

ڈیجیٹل میڈیا سے منسلک افراد کی گرفتاریوں پر سیکریٹری دفاع اور سیکریٹری داخلہ طلب

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے ڈیجیٹل میڈیا سے وابستہ افراد کی گرفتاریوں اور انہیں ہراساں کرنے کے خلاف دائر درخواست پر سیکریٹری دفاع اور سیکریٹری داخلہ کو ذاتی (بقیہ نمبر 19)

ماڈل ٹاؤن کچہری میں ایڈیشنل سیشن ججز تعینات کرنیکا حکم

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ماڈل ٹاؤن کچہری میں ایڈیشنل سیشن ججز تعینات کرنے کا حکم دیدیا۔ تحصیل کے سائلین کو سیشن کورٹ جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ لاہور (بقیہ نمبر 20)

نادرا میں اسلحہ لائسنسوں کی جانچ پڑتال کیلئے مناسب نظام موجود نہ ہونے کا انکشاف

لاہور (نیوز رپورٹر) نادرا میں اسلحہ لائسنسوں کی جانچ پڑتال کیلئے مناسب نظام موجود نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اسلحہ لائسنسوں کے اجراء سے حاصل شدہ رقم سرکاری خزانے میں تاخیر (بقیہ نمبر 21)

سرکل گوجرخان چوروں ڈکیتوں کے نرغے میں شہر میں خوف وہراس فضا قائم

مختلف وارداتوں میں شہریوں کو انکے قیمتی اثاثوں سے محروم کر دیا گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان میں چوری ڈکیتی کیا وارداتیں جاری پے در پے وارداتوں کی وجہ سے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا شہری آئے دن لٹنے لگے سرکل گوجرخان کی حدود میں مختلف وارداتوں میں شہریوں کو قیمتی اثاثوں و نقدی سے محروم کر دیا تھانہ گوجرخان کی حدود میں گن پوائنٹ پر ڈاکو موٹر سائیکل دو قیمتی موبائل فون اور پچپن ہزار روپے چھین کر فرار جبکہ گوجرخان کھوکھا بازار (بقیہ نمبر 22)

9 مئی کے واقعات سوچی سمجھی منصوبہ بندی تھی عطا تارڑ

لوٹے ہوئے 70 ارب روپے قوم کے پیسے تھے، فوجی تنصیبات پر دھاوا بولنے والوں نے ملکی سلامتی پر حملہ کیا ہے

کسی خاتون کے ساتھ بدتمیزی کا تصور نہیں کیا جاسکتا، کسی خاتون کے ساتھ نہ بدتمیزی ہوئی نہ زیادتی کا نشانہ بنایا گیا

اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا اللہ تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ 9 مئی کے واقعات ایک سوچی سمجھی منصوبہ بندی تھی، شرپسند کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ پارٹی چیئرمین نے کارکنان کو ہدایات جاری کر رکھی تھیں، لوٹے ہوئے 70 ارب روپے قوم کے پیسے تھے، فوجی تنصیبات پر دھاوا بولنے والوں نے ملکی سلامتی پر حملہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کا 190 ملین پاؤنڈ قومی خزانے میں نہیں جمع کروایا گیا، 9 مئی کے واقعات پر شہید قرار دے کر فوج (بقیہ نمبر 28)

ایس پی پوٹھوہار کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، محمد وقاص خان

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ (بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی خصوصی ہدایت

سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے تمام نالوں میں پانی کی سطح نارمل اور کنٹرول میں ہے

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں برساتی نالوں کا دورہ

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی خصوصی ہدایت پر بارش کے باعث اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں برساتی نالوں کا دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا کہنا ہے کہ ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو اور ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی ٹیمیں ہائی الرٹ ہیں، اس کے ساتھ ساتھ ڈی واٹرنگ سیٹس موجود ہیں جہاں کہیں بھی ایمرجنسی کی صورت حال ہوگی وہاں فوری ریسکیو آپریشن کیا جائے گا، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا مزید کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 29)

APRNS APRNS APRNS APRNS APRNS

اظہار تشکر

الحمدللہ اشتہارات واجبات کی ادائیگی کے 15/85 فارمولے پر عملدرآمد شروع ہو چکا

ہم وزیراعلی پنجاب محسن نقوی، وزیراطلاعات پنجاب عامر میر اور سیکرٹری اطلاعات پنجاب علی نواز ملک کا شکریہ ادا کرتے ہیں

آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی

aprns.org aprnspakistan@gmail.com 03145151901 واٹس ایپ

APRNS APRNS APRNS APRNS APRNS

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اٹک قلعے کی صفائی شروع

مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر دور کے سینکڑوں سال پرانے تاریخی اٹک قلعے کی صفائی کا کام شروع کردیا گیا، دریائے سندھ کے کنارے واقع اٹک خورد میں قائم اس قلعے کی اپنی تاریخی حیثیت ہے جہاں مختلف حصوں پر مشتمل مغلیہ دور کا زندان خانہ اور دریائے سندھ کے قریب خصوصی عقوبت خانہ بھی موجود ہے جس میں قیدی کوٹھنڈے پانی میں غوطے دیئے جاتے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماضی میں بھی کئی سیاسی شخصیات کواس قلعے میں زیرحراست رکھا جاتا رہا ہے۔ سابق صدر جنرل)ر (پرویز مشرف نے سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کو گرفتار کرکے اٹک قلعے میں رکھا اوران پر مقدمہ بھی اسی کے اندر قائم عدالت میں چلایا گیا۔ سابق صدرمملکت آصف علی زرداری کے لئے احتساب عدالت بھی اٹک قلعے میں لگائی گئی تھی اورانہیں ہسپتال سے پیشیوں کے لئے یہاں لایا جاتا تھا۔ مزید کئی سیاسی رہنما بھی اِس قلعے میں قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرتے رہے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ اٹک قلعے کی صفائی ستھرائی کا کام توشروع ہوچکا ہے تاہم یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ صفائی عام معمول کی صفائی ہے یا اہم سیاسی شخصیات کو یہاں قید کیا جانا مقصود ہے۔ متعلقہ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ صفائی کا خصوصی ٹھیکہ باقاعدہ ایک کمپنی کودیا گیا ہے جوایک ہفتے میں تاریخی اہمیت کے حامل اِس قلعے کوصاف کردے گی۔

مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر دور کے سینکڑوں سال پرانے تاریخی اٹک قلعے کی صفائی کا کام شروع کردیا گیا، دریائے سندھ کے کنارے واقع اٹک خورد میں قائم اس قلعے کی اپنی تاریخی حیثیت ہے جہاں مختلف حصوں پر مشتمل مغلیہ دور کا زندان خانہ اور دریائے سندھ کے قریب خصوصی عقوبت خانہ بھی موجود ہے جس میں قیدی کوٹھنڈے پانی میں غوطے دیئے جاتے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماضی میں بھی کئی سیاسی شخصیات کواس قلعے میں زیرحراست رکھا جاتا رہا ہے۔ سابق صدر جنرل)ر (پرویز مشرف نے سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کو گرفتار کرکے اٹک قلعے میں رکھا اوران پر مقدمہ بھی اسی کے اندر قائم عدالت میں چلایا گیا۔ سابق صدرمملکت آصف علی زرداری کے لئے احتساب عدالت بھی اٹک قلعے میں لگائی گئی تھی اورانہیں ہسپتال سے پیشیوں کے لئے یہاں لایا جاتا تھا۔ مزید کئی سیاسی رہنما بھی اِس قلعے میں قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرتے رہے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ اٹک قلعے کی صفائی ستھرائی کا کام توشروع ہوچکا ہے تاہم یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ صفائی عام معمول کی صفائی ہے یا اہم سیاسی شخصیات کو یہاں قید کیا جانا مقصود ہے۔ متعلقہ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ صفائی کا خصوصی ٹھیکہ باقاعدہ ایک کمپنی کودیا گیا ہے جوایک ہفتے میں تاریخی اہمیت کے حامل اِس قلعے کوصاف کردے گی۔ مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر دور کے سینکڑوں سال پرانے تاریخی اٹک قلعے کی صفائی کا کام شروع کردیا گیا، دریائے سندھ کے کنارے واقع اٹک خورد میں قائم اس قلعے کی اپنی تاریخی حیثیت ہے جہاں مختلف حصوں پر مشتمل مغلیہ دور کا زندان خانہ اور دریائے سندھ کے قریب خصوصی عقوبت خانہ بھی موجود ہے جس میں قیدی کوٹھنڈے پانی میں غوطے دیئے جاتے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماضی میں بھی کئی سیاسی شخصیات کواس قلعے میں زیرحراست رکھا جاتا رہا ہے۔ سابق صدر جنرل)ر (پرویز مشرف نے سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کو گرفتار کرکے اٹک قلعے میں رکھا اوران پر مقدمہ بھی اسی کے اندر قائم عدالت میں چلایا گیا۔ سابق صدرمملکت آصف علی زرداری کے لئے احتساب عدالت بھی اٹک قلعے میں لگائی گئی تھی اورانہیں ہسپتال سے پیشیوں کے لئے یہاں لایا جاتا تھا۔ مزید کئی سیاسی رہنما بھی اِس قلعے میں قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرتے رہے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ اٹک قلعے کی صفائی ستھرائی کا کام توشروع ہوچکا ہے تاہم یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ صفائی عام معمول کی صفائی ہے یا اہم سیاسی شخصیات کو یہاں قید کیا جانا مقصود ہے۔ متعلقہ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ صفائی کا خصوصی ٹھیکہ باقاعدہ ایک کمپنی کودیا گیا ہے جوایک ہفتے میں تاریخی اہمیت کے حامل اِس قلعے کوصاف کردے گی۔ جس میں قیدی کوٹھنڈے پانی میں غوطے دیئے جاتے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماضی میں بھی کئی سیاسی شخصیات کواس قلعے میں زیرحراست رکھا جاتا رہا ہے۔ سابق صدر جنرل)ر (پرویز مشرف نے سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کوگرفتار کرکے اٹک قلعے میں رکھا اوران پر مقدمہ بھی اسی کے اندر قائم عدالت میں چلایا گیا۔ سابق صدرمملکت آصف علی زرداری کے لئے احتساب عدالت بھی اٹک قلعے میں لگائی گئی تھی اورانہیں ہسپتال سے پیشیوں کے لئے یہاں لایا جاتا تھا۔ مزید کئی سیاسی رہنما بھی اس قلعے میں قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرتے رہے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ اٹک قلعے کی صفائی ستھرائی کا کام توشروع ہوچکا ہے تاہم یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ صفائی عام معمول کی صفائی ہے یا اہم سیاسی شخصیات کو یہاں قید کیا جانا مقصود ہے۔ متعلقہ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ صفائی کا خصوصی ٹھیکہ باقاعدہ ایک کمپنی کودیا گیا ہے۔

پاکستانی میڈیا کی تاریخ ظلم وجبر کی داستانوں سے بھری پڑی ہے

تھانہ بارہ کہو میں پولیس گردی کا واقعہ پیش آنا حکومت اور آئی جی اسلام آباد پر سوالیانشان ہے۔



احمد ضمیر اکبر

اسلام آباد ویسے تو پاکستانی میڈیا کی تاریخ ظلم وجبر کی داستانوں سے بھری پڑی ہے لیکن اگر یہ کہا جائے کہ پچھلے ایک سال سے پاکستان کے میڈیا اور صحافیوں کے لیے سب سے تاریک رہا تو زیادہ غلط نہ ہوگا۔ پاکستانی ریاست صحافت کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ اگر ملکی قوانین میڈیا کو تحفظ دینے اور آزادی اظہار رائے کے استحکام کے بجائے صحافت اور صحافیوں کو دبانے کے لیے استعمال ہوں گے، تو نتیجہ ایسی کمزور جمہوریت ہوگی، جو نہ ریاست کے لیے اچھی ہوگی اور نہ ہی عوام کے لیے۔ "چند دن قبل تھانہ بھارہ کہو پولیس گردی ایک ایسا واقعہ پیش آیا چھ سالہ معصوم بچی کے قاتل پولیس پکڑنے کے بجائے تھانہ بھارہ کہو پولیس متاثرہ خاندان کی عورتوں کو سربازار روڈوں پر ذلیل کرتی رہی۔ احتجاج پاکستان کے ہر شہری کا بنیادی اور آئینی حق ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ڈی ایم کے دور میں سفارشی ایس ایچ اوز کی لائنیں لگ گئیں کوئی پیپلز پارٹی تو کوئی ن لیگ کی سفارشوں پر لگے ہوئے ہیں۔ تھانہ بارہ کہو تعینات عملہ اپنی نااہلی کو چھپانے کے لئے احتجاج کرنے والے لواحقین کو تشدد کا نشانہ بنایا اور خواتین کے ساتھ بدسلوکی کی گئی۔ اپنی نااہلی اور غنڈہ گردی چھپانے کے لئے کوریج کرنے والے صحافیوں کو تشدد کرتے ہوئے تھانے منتقل کردیا۔ اور ان کے موبائل کو مکمل فارمیٹ کردیا گیا تاکہ ان کی نااہلی اور کالے کرتوت عوام نہ دیکھ سکے جب کہ تھانہ بھارہ کہو جو اس وقت دیار غیر کا منظر پیش کر رہا ہے جہاں بار جنگل کا قانون رائج ہے سائل تھانے کے اندر داخل نہیں ہوسکتے جب کہ حیران کن بات یہ ہے مقامی صحافی بھی تھانے کے اندر داخل نہیں ہوسکتے اس کی بڑی وجہ ہے چند دن قبل 16 کے قریب شہریوں کو ناکہ لگا کر ڈاکوں نے پولیس ناکہ پر لوٹ لیا۔ اس کے باوجود کمزور کمانڈ سفارشی ایس ایچ او سے لے کر کسی بھی پولیس آفیسر کی کوئی انکوائری اور نہ ہی پوچھا گیا درخواست لے کر ایف آئی آر درج نہیں کی بلکہ سوشل میڈیا پر متاثرین کی ویڈیو وائرل ہوئی جس کے بعد ایف آئی آر کا اندراج کیا گیا تاحال ملزمان پولیس کی پہنچ سے دور۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے ایکسپریس نیوز کے کیمرہ مین کے قاتلوں کے ساتھ بھی پولیس مل گئی اور اسے خودکشی کا رنگ دے کر واقعہ کو گول مول کر دیا گیا اسی طرح ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ چھ سالہ معصوم بچی کے جو قاتل ہیں جنہوں نے بے دردی سے تشدد کرکے معصوم بچی کا قتل کیا متعلقہ پولیس کو قاتلوں کے بارے میں معلوم ہے جس کے باعث اس معاملے کو بھی گول کیا جارہاہے

احتجاج کی کوریج انتہائی سینئر جرنلسٹ نیشنل پریس کلب کے ممبر اور نیشنل پریس کلب کی طرف سے اپوزیشن کے طور پر نائب صدر کے الیکشن بھی لڑ چکے ہیں انہیں پولیس کی طرف سے تشدد کا نشانہ بنایا گیا اس کے بعد پریس کلب کے انتہائی بزرگ معزز اور سینئر صحافی جب تھانہ بارہ کو اس معاملے کی جانچ پڑتال کے لیے گئے تو وہاں پر تمام سینئر صحافیوں کو غلیظ گالیوں کے ساتھ ساتھ شدید تشدد کیا گیا جس میں آر یو جے کے جوائنٹ سیکرٹری ناصر خٹک کو شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا جن کا میڈیکل کروایا گیا اس کے باوجود تھانے کے ایک افسر کو چند دن کے لیے معطل کرنا بڑا سوالیہ نشان پیدا کرگیا ہے پولیس گردی جو اس وقت غنڈہ گردی میں تبدیل ہوچکی ہے ابھی تک آئی جی اسلام آباد اور ڈی آئی جی اسلام آباد کی طرف سے محض حقائق کو چھپانے اور بات کو گول کرنے کے لیے اے ایس آئی کو معطل اور انکوائری کا ڈرامہ رچا جبکہ افسران بالا کو ڈی ایس پی کو معطل کرنا چاہیے تھا اور ملوث اہلکاروں کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج مگر اسلام آباد پولیس روایتی انداز سے تمام تر معاملات کو ٹھنڈا کردیا گیا ہے مگر دوسری طرف عوام اور خاص کر صحافی برادری اس واقعہ کے بعد میں شدید تشویش پائی جاتی ہے تمام ملوث پولیس اہلکاروں کے اوپر ایف آئی آر کا اندراج کیا جانا چاہیے قانون میں تشدد جرم ہے تو ان اہلکاروں کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج کیوں نہیں یا پولیس اہلکاروں کو جرائم کرنے کی کھلی چھٹی مل گئی یا ان پر پاکستانی قانون لاگو نہیں پاکستان میں صحافت میں نے کئی بڑی مشکلات دیکھی ہیں۔ مگر اب میں پہلی بار پاکستانی صحافی اپنے پیشے سے مایوس اور اس کے خلاف ریاستی اقدامات سے دلبرداشتہ ہو چکے ہیں۔'' مختلف صحافتی تنظیموں کی طرف سے کہا کہ میڈیا کے خلاف آج یہ جو بھی ہورہا ہے یہ سب دانستہ ہے۔ حکومت اور ریاست دونوں میڈیا کی تباہی کی ذمہ دار ہیں اور دونوں نے مل کر میڈیا کا گلا گھونٹنے کا فیصلہ کرلیا ہے

بناوٹی دنیا۔۔۔۔نئی نسل تباہ

ویسے تو پاکستانی ڈرامے اپنی مثال آپ ہوا کرتے تھے جو نا صرف بڑی اور درمیانی عمر رسیدہ افراد کے لیے دلچسپی کا باعث رکھتے تھے بلکہ بچوں کے لیے بھی سبق آموز ہوا کرتے تھے اور ایک وقت ایسا تھا جہاں گھر کا بڑا اور بچے سبھی بیٹھ کر پاکستانی ڈراموں کو دیکھ کر نا صرف لطف اٹھاتے تھے بلکہ ان ڈراموں میں مثبت کہانی نظر آتی تھی لیکن گزشتہ عرصے سے اب سب اس کے برعکس نظر آ رہا ہے۔

تحریر: اقرا خالد

پاکستانی ڈرامہ نوے کی دہائی سے جس تخلیقی وتکنیکی مہارت سے لیس اپنے ناظرین کے دلوں پر راج کرتا تھا اب زوال کی طرف گامزن دکھائی دیتا ہے۔ پاکستانی ڈرامہ اب ادب کی قیود سے نکل کر غیر دلچسپ اور بے حیائی افسانوی انداز کی تحریر میں نظر آ رہا ہے پاکستانی ڈراموں میں رشتوں کے تقدس کی پاسداری کم سے کم محسوس ہوتی ہے غرضیکہ جتنے تھپڑ ایک خاتون کے چہرے پر پڑیں گے ڈرامہ اتنا ہی ہٹ ہوگا

اس کی ایک سب سے بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ڈرامہ نگاروں کی جگہ ڈائجسٹ نگاروں نے لے لی ہے جو کہانی کو اپنے حقیقی ماحول سے نکل کر خیالی دنیا میں لے جاتی ہے جہاں رومانس، جنسی لگاؤ، دکھاوا، منفی کردار اور گانوں، کے علاوہ ان ڈراموں میں کچھ دکھائی نہیں دیتا۔

ایک وقت وہ بھی تھا جب پاکستانی ڈرامہ 70اور 80 کی دہائی میں نشر ہوا کرتا تھا تو سڑکوں پر سناٹا ہوتا تھا، دیکھنے والے انکل عرفی، شہ زوری، افشاں، قباچہ اور اکا عینک والا جن ،دھوپ، چارلی جیسے حقیقت سے قریب تر کرداروں نے انسان کی شخصیت کو نکھار رکھا تھا ۔یہ وہ دور تھا جب ڈرامے میں عورت کا کردار مضبوط اور مستحکم دکھایا گیا یہ وہی کردار تھے جو ہمارے ماحول اور اقدار میں سائے کی حیثیت رکھتے تھے ان میں زبان کی چاشنی ہوتی اور ہماری اقدار کا رنگ ہوتا اور ان ڈراموں کی کشش سڑکوں کے سناٹے سے ظاہر ہوتی تھی۔

جبکہ اگر آج دیکھا جائے تو دل خون کے آنسو روتا ہے کیا دکھایا جارہا ہے ناظرین کو ہر چینل میں صرف عشق ومحبت کی افسانوی کہانیاں، غیر حقیقی موضوعات کی چادروں میں لپیٹ کر پیش کر رہا ہے اور جس قدر اب عورت کو خودمختار کرنے کی کوشش ہے، ہمارے ٹی وی ڈرامے اسی قدر عورت کو محکوم اور لاچار دکھانے پر کاربند ہیں اب ڈرامے فیملی ڈرامے نہیں رہے۔

بہت سارے ڈراموں میں کہیں پر بھابھی دیور کی دیوانی نظر آ رہی ہے کہیں سسر کو اپنی بہو سے پیار ہوتے ہوئے دکھایا جارہا ہے کہیں حیا کو بے حیائی سے کسی کے شوہر کے گلے لگتے ہوئے کہانی دکھائی جارہی ہے۔ اداکاروں کا بیہودہ لباس پہنا جو انتہائی چھوٹا وحیات نظر آ رہا ہے یہ سب مزید پاکستانی ڈراموں کو تباہی کی طرف کے کر جارہے ہیں۔

ہماری نوجوان نسل جو زیادہ تر اپنا وقت سوشل میڈیا پر گزارتے ہیں کسی بھی ملک کی ترقی میں ذرائع ابلاغ اہم کردار ادا کرتا ہے پاکستان میں بنائے گئے ان ڈراموں سے ہماری نوجوان نسل پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

حالیہ دور میں پاکستانی ڈراموں میں دیکھا جاسکتا ہے زیادہ تر کسی بھی ڈرامے میں اسلام کے مطابق شادی نہیں کی جاتی ڈراموں میں فضول قسم کی رسومات اور ان میں بے حیائی عروج پر ہوتی ہے ڈانس، مرد وعورت کا ایک ساتھ بیٹھنا کوئی بڑی بات نہیں سمجھی جاتی ہے۔ پاکستان کا سیاسی اور سماجی مزاج مفلوج حال ہو چکا ہے سونے پر سہاگہ ان پر مذہبی اور معاشی انتہا پسندی کی موٹی چادر تنی ہے ورنہ کشمیر سے لے کر فاٹا اور بلوچستان تک انسانی حقوق سے جڑی ان گنت کہانیاں موجود ہیں جو ٹی وی، فلم اور تھیٹر کے پلیٹ فارم سے دیکھنے والے ذہنوں کو جھنجھوڑ سکتی ہیں۔ ڈراموں پر صرف تنقید ہمارے تخلیق کاروں کے لیے حوصلہ مند نہیں ہوگی یاد رہے کہ ان ڈرامہ نگاروں نے زندگی گلزار ہے اور صدقے تمہارے اور ماضی میں بہت سے ایسے ڈرامے بھی لکھے ہیں جنھوں نے دل پر نقش کر دینے والے کھیل تحریر کر کے ناظرین کے دل جیتے ہیں، جن میں عورت اپنی مرضی و محاذ پر ڈٹی نظر آئی۔

تہران ہوگر عالم مشرق کا جنیوا!

پاکستان اور ایران برادر ہمسایہ اسلامی ممالک ہیں، جن کی سرحدیں ہی نہیں دِل اور ایمان کے رشتے بھی ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ ایران پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کرنے والا ملک بھی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں سرد مہری تو کبھی آجاتی ہے، مگر قطع تعلق کبھی نہیں ہوئی۔ دونوں ممالک کے درمیان مختلف سفارتی، ثقافتی اور تجارتی معاہدے بھی موجود ہیں۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف اور اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر

سید منیر حسین گیلانی

آیت اللہ ابراہیم رئیسی نے گوادر کے لیے 100 میگا واٹ بجلی کی ٹرانسمیشن لائن کا افتتاح کردیا ہے۔ یہیں دونوں رہنماؤں نے بارڈر مارکیٹ کا بھی افتتاح کیا، جہاں دونوں ممالک کے درمیان اشیا کی خرید وفروخت بھی ہوگی۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری، وزیر توانائی خرم دستگیر، وزیراعلی بلوچستان عبدالقدوس، بلوچ رہنما اختر مینگل اور دیگر وزرا بھی شریک ہوئے۔ یہ ایک بہت اہم پیشرفت ہے۔

ایران پہلے بھی پاکستان کو اپنی سرحد سے ملحقہ بلوچستان کے کچھ علاقوں میں بجلی مہیا کر رہا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور صدر ابراہیم رئیسی کے درمیان ملاقات بھی ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

تہران ہوگر عالم مشرق کا جنیوا
شاید کرہ ارض کی تقدیر بدل جائے!

راقم نے اپنے گزشتہ متعدد آرٹیکلز میں دونوں ممالک کے درمیان پاکستان کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے تعاون کی ضرورت پر زور دیا اور واضح کیا کہ امریکہ سے ڈرتے رہنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ پاکستان اپنے مفادات کے مطابق سوچے۔ ایران قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے اور تمام پڑوسی ممالک سے تعاون چاہتا ہے۔ خاص طور پاکستان اور دیگر اسلامی ممالک سے تعلقات کی مضبوطی ایران کی ہمیشہ سے ریاستی پالیسی رہی ہے۔ پاکستان ایک عرصے سے توانائی کے بحران کا شکار چلا آرہا ہے اور ایران اس کے حل کی متعدد بار پیشکش بھی کر چکا ہے، مگر افسوس پاکستان امریکی پابندیوں کے خوف سے باہر نہیں نکل سکا۔ توانائی بحران کے حل کے لئے ایران کے ساتھ گیس پائپ لائن معاہدہ ہوا۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور ایرانی صدر محمود احمدی نژاد نے 2013 میں دونوں ممالک کی سرحد پر پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبے کا افتتاح کیا۔ جس کے بعد ایران نے معاہدہ کے مطابق اپنی حدود میں گیس پائپ لائن بچھا دی، مگر ایران پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے پاکستان اپنی حدود میں پائپ لائن نہ بچھا سکا، حتی کہ اس منصوبے کے لئے ایران قرض دینے کے لئے تیار ہے، مگر اپنے مفاد کے لئے ہی سہی، امریکی خواہش کیخلاف فیصلے کے لئے حکمرانوں کی جرت درکار ہے۔ جو بدقسمتی سے مسلم لیگ)ن (اور تحریک انصاف کی حکومتیں حاصل نہ کرسکیں۔ گیس پائپ لائن پر معاہدہ اور افتتاحی تقریب تاریخ کا حصہ ہے، مگر پائپ لائن زمین پر موجود نہیں ہے۔ ہم پہلے بھی متعدد بارنشاندہی کر چکے ہیں کہ امریکی اقتصادی پابندیوں کے باوجود بھارت روس سے تیل درآمد کر رہا ہے۔ بھارت نے امریکی پابندیوں کو نظر انداز کرکے اپنے ملک کے مفاد کو مقدم رکھا اور کہا کہ امریکہ کو یقیناً پتہ ہوگا کہ یورپی یونین کے ممالک روس سے تیل لے کر آگے بیچ رہے ہیں۔ ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ روس پر پابندیوں کے باوجود یورپی ممالک اس سے گیس اور کوئلہ خرید رہے ہیں، لیکن ہم پاکستانی امریکی پابندیوں سے خوفزدہ ہوکر ایران کے ساتھ قانونی تجارت شروع کرنے سے کیوں کترا رہے ہیں؟ جبکہ امریکہ کی آئل ٹریڈنگ کمپنیاں روس سے تیل خرید کر مختلف ممالک کو بیچ رہی ہیں۔ اگرچہ یہ مغرب کا دوہرا معیار ہے، مگر ہمیں بھی تو کچھ ہمت دکھانی چاہئے۔ جو حالات ہم آج دیکھ رہے ہیں، ماضی سے بہت مختلف ہیں۔ خطے میں اقتصادی مضبوطی اور امریکی اثر ورسوخ کم کرنے کی مثبت پیشرفت میں چین کا کردار بہت اہم رہا ہے، جس کے نتیجے میں اسلامی جمہوری ایران اور سعودی عرب کے سفارتی تعلقات بحال ہوچکے ہیں۔ دونوں ممالک کے تجارتی وفود اور وزرا کی باہمی ملاقاتیں بھی ہوچکی ہیں۔ سفارت خانے بھی کھل گئے ہیں۔ یقیناً مستقبل میں اس کے اثرات دونوں ممالک کے عوام اور خطے پر بہت خوشگوار ہوں گے۔ ہم اپنے پیارے دوست چین کی حکومت سے درخواست کریں گے کہ وہ اپنا رسوخ استعمال کرکے ایران پاکستان گیس پائپ لائن کے اجرا کے لئے سعودی سرمایہ کاری کا اہتمام کروادیں، تو ہماری حکومت کی تذبذب اور ہچکچاہٹ میں تبدیلی آئے گی۔ اس حوالے سے اگر سعودی شہزادہ محمد بن سلمان اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے پائپ لائن بچھانے میں مدد کریں تو بہت اچھا ہوگا جبکہ وہ خودریفائنری لگانے کے لئے پاکستان سے معاہدے کی ابتدا بھی کرچکے ہیں۔

قطع نظر اس کے کہ جنرل پرویز مشرف کے دور میں سی این جی کے گاڑیوں میں استعمال سے ہم اپنی گیس سڑکوں پر استعمال کرچکے ہیں کہ اب گھریلو استعمال کی گیس بھی ہمیں دستیاب نہیں۔ ایک عرصے سے پاکستان توانائی کے حوالے سے مشکلات کا شکار ہے اور اگر گیس پائپ لائن کا یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچ جاتا ہے تو ملک میں گیس کی قلت کی وجہ سے صنعتی شعبے میں بہت ساری فیکٹری جو بند ہو رہی ہیں یا وہ اپنی پیداوار کو بڑھانے کے قابل نہیں ہیں۔ وہ اپنی مشکلات سے باہر نکل سکتی ہیں۔ اس سے مزدور کو روزگار بھی میسر آئے گا۔ ایک خوشگوار پیشرفت یہ بھی ہے کہ روس نے بھی پاکستان کے ساتھ تیل اور گیس دینے کا معاہدہ کرلیا ہے اور بہت جلد ہی روس کا بحری بیڑا کروڈ آئل لے کر پاکستان پہنچ جائے گا۔ اسی طرح روس سے گیس بھی آ رہی ہیں۔ اس تحریر کا نتیجہ ہمیں یہ احساس دلا رہا ہے کہ پاکستان غیر اعلانیہ طور پر مغربی دنیا کے سامراجی ہتھکنڈوں سے آزاد ہورہا ہے اور اب یہ مشرق کی طرف جھکاؤ زیادہ کررہا ہے۔ حالیہ دنوں میں یہ بہت اہم پیش رفت ہے۔ چین کی علاقے میں اثر پذیر نے مشرق وسطی کے ممالک کو یکجا کردیا ہے، جس سے مستقبل میں یورپی یونین کے مقابلے میں اسلامی یونین یا مشرقی یونین بنانے کی زمین ہموار ہوسکتی ہے۔ اب تک کے حالات بتارہے ہیں کہ امریکہ کے اس خطے سے نکلنے کی ابتدا ہوچکی ہے۔

چین، روس اور ایران کے مشترکہ بلاک کی وجہ سے شام سے داعش کی دہشت گردی کا خاتمہ ہوا۔ یہاں مقامات مقدسہ محفوظ رہے۔ یمن کے مسلمانوں کی مدد کی گئی اور اب حالات یہاں تک پہنچ چکے ہیں کہ ایران اور سعودی عرب کے سفارتی تعلقات کی بحالی کے مثبت اثرات سے یمن کی جنگ بندی ہوچکی ہے۔

SHOWBIZ
شوبز

شادی شدہ زندگی میں رشتوں کا توازن برقرار رکھنا چاہیے، حبا بخاری

شادی شدہ زندگی میں اہم بات یہ ہے کہ آپ ان رشتوں میں توازن کو برقرار رکھیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ حبا بخاری نے کہا ہے کہ سسرال ہو یا والدین کا گھر، شادی شدہ زندگی میں رشتوں میں توازن برقرار رکھنا چاہیے۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ حبا بخاری نے ایک یوٹیوب چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ والدین کا انسان کی زندگی میں ایک اہم مقام ہوتا ہے اور یہ کوئی دوسرا نہیں لے سکتا، اسی طرح شوہر کے حوالے سے جو رشتے بالخصوص ساس سسر وغیرہ کا اپنا ایک مرتبہ اور اہمیت ہوتی ہے، ہر رشتے اور تعلق کی ایک اہمیت ہے تاہم کوئی رشتہ دوسرے کی جگہ نہیں لے سکتا۔

بھارتی اداکار شاہ رخ خان نے انکشاف کیا

اہلیہ گوری نے مجھے کبھی کوئی گفٹ نہیں دیا، شاہ رخ خان

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارتی اداکار شاہ رخ خان نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی اہلیہ گوری خان نے انہیں کبھی کوئی گفٹ نہیں دیا۔ بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان نے نجی ٹی وی شو میں گفتگو کرتے ہو بتایا کہ گوری مجھے گفٹ نہ دینے پر کہتی ہے کہ وہ ایسے شخص کو کیا گفٹ دے جس کے پاس سب کچھ ہے اور میں بھی ہوں۔ شاہ رخ خان نے ایک دلچسپ واقعہ سناتے ہوئے بتایا جب وہ ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف کی وجہ سے کچھ عرصہ لندن میں علاج کیلئے رہ رہے تھے تو انہوں نے ایک مرتبہ انہوں نے ایک ٹی شرٹ خریدی، گھر لاکر پتہ چلا کہ وہ ان کے سائز سے بڑی ہے۔ انہوں نے بتایا میں نے گوری سے کہا کہ وہ ٹی شرٹ تبدیل کرادے، گوری ٹی شرٹ لے گئی اور اس نے واپسی پر مجھے بتایا کہ سٹوروالے ٹی شرٹ واپس نہیں لیتے۔ اداکار کا کہنا تھا جب یہ بات میں نے اپنے دوستوں کو بتائی تو انہوں نے مجھے یہ بتا کر حیران کردیا کہ گوری نے اس ٹی شرٹ کے بدلے ہینڈ بیگ خرید لیا ہے۔

عائزہ خان کے قطر میں سیر سپاٹے، تصاویر کے چرچے

اپنی اداکاری کے جوہر دکھانے والی خوبرو اداکارہ ان دنوں قطر میں موجود ہیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی جانی مانی اداکارہ عائزہ خان خوبصورتی میں اپنی مثال آپ ہیں اب ان کی کچھ تصاویر کے سوشل میڈیا پر خوب چرچے ہو رہے ہیں۔ بے شمار سپرہٹ ڈراموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھانے والی خوبرو اداکارہ ان دنوں قطر میں موجود ہیں جہاں سے اپنی نئی تصاویر پر مداحوں کی تعریفیں سمیٹ رہی ہیں۔ عائزہ خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر قطر سے کچھ تصاویر شیئر کیں جن میں انہیں سیاہ رنگ کے کفتان میں ملبوس دیکھا جاسکتا ہے۔

صبا قمر کا سپرہٹ بالی ووڈ فلمیں ٹھکرانے کا انکشاف

پاکستانی فنکاروں کی صلاحیتوں کی ہر دور میں دنیا قدردان رہی ہے



لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کی معروف اداکارہ صبا قمر نے سپر ہٹ بالی ووڈ فلمیں ٹھکرانے کا انکشاف کیا ہے۔ پاکستانی فنکاروں کی صلاحیتوں کی ہر دور میں دنیا قدردان رہی ہے، ہمارا ڈرامہ ہو یا فلمیں، پاکستانی اداکاروں کی پرفارمنس کو ہر ملک میں پسند کیا جاتا ہے، یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ کئی بھارتی اداکار اعتراف کرتے ہیں کہ انہوں نے پاکستانی ڈراموں کو دیکھ کر ہی اداکاری سیکھی ہے۔ سرمائے کے حجم کے اعتبار سے بالی ووڈ کی انڈسٹری بہت بڑی ہے اور بیشتر بھارتی فلم ساز چاہتے ہیں کہ وہ پاکستان کے باصلاحیت اداکاروں کو اپنی فلموں میں کاسٹ کریں۔

بھارت میں مسلمانوں سے نفرت کرنا فیشن بن چکا، نصیرالدین شاہ

ممبئی (شوبز نیوز) سینئر بھارتی اداکار نصیرالدین شاہ نے کہا کہ بھارت میں مسلمانوں سے نفرت کرنا فیشن بن چکا ہے۔ بالی ووڈ کے سینئر اداکار نصیر الدین شاہ نے بھارتی حکومت پر اسلاموفوبیا کا الزام عائد کرتے ہوئےکہا کہ حکومت وقت نے چالاکی سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف لوگوں کے ذہن آلود کردیئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ کی بیشمار فلموں میں اہم کردار ادا کرنے والے اداکار نصیرالدین شاہ نے انٹرویو دیتے ہوئے کہنا ہے کہ بھارت میں مسلم کمیونٹی کے خلاف بڑھتی ہوئی نفرت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چاہے فلمیں ہوں۔

ساس کھانا تک نہیں دیتی، انعمتا قریشی کے سسرالیوں پر الزامات

میری ساس مجھے گزشتہ کئی عرصے سے جسمانی وزبانی تشدد کا نشانہ بنارہی ہیں، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ انعمتا قریشی نے اپنے سسرالیوں پر ناروا سلوک کے الزامات عائد کردیئے۔ انعمتا قریشی نے انسٹاگرام پر متعدد سٹوریز پوسٹ کیں جس میں انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کے خاوند سارنگ کی والدہ اور بہن سمیت رشتے داران کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرتے ہیں جسے وہ بارہا نظرانداز کردیتی ہیں۔ اداکارہ کی جانب سے اپنی ساس پر سنگین نوعیت کے لگاتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ان کی ساس انہیں برا کہنے اور بے عزت کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتیں، ان کی ساس اس سوچ کی مالک ہیں۔

بھارتی اداکارہ گوہر خان نے 10 دن میں 10 کلووزن کم کرلیا

اداکارہ نے پوسٹ میں میں بتایا کہ، بس 6 کلو مزید کم کرنا باقی رہ گیا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ اداکارہ گوہر خان نے بچے کی پیدائش کے بعد 10 دنوں میں 10 کلو وزن کم کر کے اپنے فالوورز کو حیران کر دیا ہے۔ بھارتی ریئلیٹی شو "بگ باس سیزن" 7 کی فاتح، 39 سالہ گوہر خان کی جانب سے حال ہی میں سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر ایک سٹوری شیئر کی گئی جس میں گوہر خان نے اپنی مرر سیلفی شیئر کی۔ اداکارہ نے پوسٹ میں اپنے مداحوں کو بتایا ہے کہ انہوں نے 10 دنوں میں 10 کلووزن کم کرلیا ہے، اب بس 6 کلو مزید کم کرنا باقی رہ گیا ہے۔ گوہر خان کا سٹوری کو شیئر کرنا ہی تھا کہ بھارتی سوشل میڈیا پیجز کی جانب سے اسے خوب شیئر کیا گیا اور یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ گوہر خان کے 10 دنوں میں 10 کلووزن کم کرنے پر وزن کم کرنے کے خواہشمند انٹرنیٹ صارفین۔

SPORTS
سپورٹس

بھارت چاہتا ہے کہ ٹورنامنٹ کے تمام میچز سری لنکا میں ہوں

بھارتی کرکٹ بورڈ نے ایشیا کپ کیلئے سری لنکا کو موزوں قرار دے دیا

کراچی (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ بورڈ)بی سی سی آئی (نے ایشیا کپ کیلئے سری لنکا کو موزوں قرار دے دیا، بھارت چاہتا ہے کہ ٹورنامنٹ کے تمام میچز سری لنکا میں ہوں۔ ایشین کرکٹ کونسل کی ابتدائی میٹنگ میں یواے ای وینیو کو مسترد کرنے کی بات چیت ہوئی جبکہ بھارت پاکستان کے تجویز کردہ ہائبرڈ ماڈل پر انکاری ہے، بھارت نے ہائبرڈ ماڈل کو تسلیم نہ کیا تو ورلڈکپ میں پاکستان کی شرکت بھی مشکوک ہو جائے گی۔ ادھر اے سی سی پاکستان کے بغیر ایشیا کپ کی تیاریوں کیلئے دیگر بورڈز کے ساتھ اجلاس کر رہا ہے، ایشیا کپ کی میزبانی پاکستان نے کرنی ہے تاہم بھارت پاکستان کے بغیر دیگر ایشیائی ممبر بورڈ کے ساتھ پلان بی پر بھی کام کر رہا ہے۔ آئی سی سی کا وفد پاکستان میں پی سی بی کو منانے لاہور آیا تھا، پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی کو کہا ہے کہ ورلڈکپ میں بھارت کبھی بھی ہمارے میچز نیوٹرل وینیو پر نہیں رکھے گا، حکومت نے اجازت دی تو ورلڈکپ کھیلنے بھارت جائیں گے۔ آئی سی سی کا وفد پاکستان میں پی سی بی کو منانے لاہور آیا تھا، پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی کو کہا ہے کہ ورلڈکپ میں بھارت کبھی بھی ہمارے میچز نیوٹرل وینیو پر نہیں رکھے گا۔

پاکستان ویمنز کپ: چیلنجرز کی بلاسٹرز کو 5 وکٹوں سے شکست، آخری لیگ میچ جمعہ کل، کوڈائنامائٹس اور چیلنجرز کے درمیان کھیلا جائے گا

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے زیراہتمام جاری پاکستان کپ ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ کے پانچویں میچ میں چیلنجرز نے بلاسٹرز کو 5 وکٹوں سے شکست دے کر ایونٹ میں پہلی کامیابی اپنے نام کرلی۔ بلاسٹرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 45 اوورز میں 190 رنز بنائے، ارم جاوید نے 69 گیندوں پر 49 اور منیبہ علی 75 گیندوں پر 50 رنز کی اننگز کھیل کر ٹیم میں نمایاں رہیں، چیلنجرز کی جانب سے معصومہ نے 34 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں بلاسٹرز کا 191 رنز کا ہدف چیلنجرز نے 42ویں اوور میں 5 وکٹوں کے نقصان پر مکمل کیا۔ چیلنجرز کی جانب سے جویریہ رف نے 82 اور عمیمہ سہیل نے 75 رنز کی اننگ کھیل کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ ٹورنامنٹ کا آخری لیگ میچ جمعہ) کل (کوڈائنامائٹس اور چیلنجرز کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ فائنل معرکہ 4 جون ہوگا۔ چیلنجرز کی جانب سے جویریہ رف نے 82 اور عمیمہ سہیل نے 75 رنز کی اننگ کھیل کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ ٹورنامنٹ کا آخری لیگ میچ جمعہ) کل (کو ڈائنامائٹس اور چیلنجرز کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ فائنل معرکہ 4 جون ہوگا۔

پاکستان رواں سال ایشیا کپ میں شرکت نہیں کرے گا، بھارتی میڈیا

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارتی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم رواں سال ایشیا کپ میں شرکت نہیں کرے گی۔ دی ٹیلی گراف انڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایشین کرکٹ کونسل)اے سی سی (کے سربراہ اور بھارتی کرکٹ بورڈ) بی سی سی آئی (کے سیکریٹری جے شاہ کی موجودگی اور ہائبرڈ ماڈل مسترد ہونے پر پاکستان کے رواں سال ایشیا کپ نہ کھیلنے کے امکانات ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو ایشین کرکٹ کونسل)اے سی سی (کے اگلے ایگزیکٹو بورڈ اجلاس کے دوران بتایا جائے گا۔

ون ڈے سیریز، راشد خان پہلے 2 میچز سے باہر ہوگئے

راشد خان کمر کی تکلیف میں مبتلا ہیں جنہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا گیا ہے

کابل (سپورٹس نیوز) سری لنکا کیخلاف ون ڈے سیریز میں افغانستان کے لیگ سپنر راشد خان پہلے 2 میچز سے باہر ہوگئے۔ افغانستان کرکٹ بورڈ کے مطابق سری لنکا کیخلاف ایک روزہ میچز کی سیریز سے قبل راشد خان انجری کا شکار ہوگئے ہیں، راشد خان کمر کی تکلیف میں مبتلا ہیں جنہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا گیا ہے۔ افغان کرکٹ بورڈ کی جانب سے امید ظاہر کی گئی ہے کہ راشد خان تیسرے ون ڈے میچ میں ٹیم کو دستیاب ہوں گے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ہمبنٹوٹا میں شیڈول 3 ایک روزہ میچز کی سیریز کا پہلا میچ رواں ماہ کی 2 تاریخ کو، دوسرا 4 اور تیسرا میچ 7 جون کو کھیلا جائے گا۔

ZTBL

ZARAI TARAQIATI BANK LIMITED
Tender No. BW-(3)/C/2022

PROCUREMENT NOTICE

FOR REGISTRATION/ENLISTMENT OF MANUFACTURERS/SUPPLIERS OF "FARMS/AGRI MECHINARIES, KITCHEN GARDENING, FRUITS AND VEGETABLE SAVERS, POTATO GRADERS & ELECTRIC CHAKKIS ETC"

Zarai Taraqiati Bank Limited is a public sector specialized financial institution based Head Office at Islamabad and wide network of zonal office, area offices and branches across the country. For productivity enhancement through farm/Agri mechanization and to save nature, the bank is facilitating for "Farms/Agriculture Machineries, Kitchen Gardening "to a large number of farmers in the country. In order to provide facility among farmers, Bank has launched the policy for said items. The detail of Policies and launched scheme is as under:-

Sr. No.	Scheme Name	Product Name
01.	Mark Up Subsidy and Risk Sharing Scheme for Farm Mechanization (MSRSSFM)	1. Thresher 2. Harvester 3. Planters/Rice Transplanters 4. Mobile Grain Dryer
02.	Financing Product for Agri Machinery	1. Wheat Straw Bailing Machine 2. Rice Straw Bailing Machine 3. Mini Rotavator (Walking Tractor)
03.	Financing Scheme for "Agri land Development through alternate/Renewable Energy"	1. Solar Energy System/Pumps 2. Bio Gas Plant Unit
04.	Promotion of Kitchen Gardening on Scientific Basis	1. Kitchen Gardening/Vertical Gardening
05.	Financing product for Fruits and Vegetable Savers	1. Fruits and Vegetable Savers
06.	Financing Product for Potato Graders	1. Potato Graders
07.	Financing for Electric Chakki for Making Masalajat (Chilli, Zeera, Dhanya etc)	1. Electric Chakkis

Therefore, all interested parties may visit bank website to www.ztbl.com.pk to read content of application form and agreement or may visit/Collect from General Services Department Room No 510, 5th Floor, Main Building, ZTBL, Head Office Islamabad. They may also download prescribed application form for registration and submit the same duly filled in completed alongwith a pay order of Rs.1,000/- nonrefundable in favor of ZTBL, Head office, Islamabad before 19-06-2023.

PID(I)7452

(ASIM INAYAT)
DEPARTMENTAL HEAD
GENERAL SERVICES DEPARTENT, ZTBL, HEAD OFFICE ISLAMABAD.
Office No:- 051-2002566, 9252819

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 02جون2023ءعارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 02 جون 2023، صبح 09:00 بجے سے دن 02:00 بجے تک پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک، محبوب شہید، کار چوک، مُورت، تلہ گنگ سٹی، مدینہ ٹاؤن فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بندر ہے گی۔

بقیہ 1

ایئرپورٹ پر رن وے کے ساتھ لینڈ سکیپنگ کی جائے گی، تمام چوراہوں اور سڑکوں پر شجرکاری کی جائیگی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پراجیکٹس کے آغاز کے لئے ڈیزائن اور دیگر ضروری امور فی الفور طے کئے جائیں، عوامی فلاح و بہبود کے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پراجیکٹس پر تعمیراتی کاموں کے دوران متبادل ٹریفک کا بہترین پلان تیار کیا جائے، شہریوں کو آمدورفت میں پریشانی سے بچانے کے لئے ٹریفک مینجمنٹ کے ذریعے متبادل روٹ تجویز کئے جائیں۔

بقیہ 2

گورنر پنجاب چودھری سرور نے کہا ہے کہ 75 سالوں سے چندایک چہرے ہی قومی وصوبائی اسمبلیوں پر قابض ہیں، تحریک انصاف کا منشور الزامات کے سوا کچھ نہیں، پی ڈی ایم کا بھی کوئی منشور نہیں سوائے توشہ خانہ اور سکینڈلز کے، اس وقت ملک کو مخلص قیادت کی ضرورت ہے۔ چودھری سرور نے کہا سیاست کو قربان کر کے ریاست بچانے کی دعویدار تحریک انصاف ریاست ڈبونے نکل پڑی، اس قوم کے مسائل حل کرنے میں پی ڈی ایم بھی ناکام ہے، متوسط لوگوں کو دعوت دیتا ہوں آئیں ہمیں جوائن کریں، یقین دلاتا ہوں اپنے کارکنان اور ورکرز کو عزت دوں گا، ہم نے خود سے سوال کرنا ہے کیا ہم نے منارٹیز کو حقوق دیئے ہیں، کیا ہم نے اپنی خواتین کو تحفظ دیا ہے؟۔ سابق گورنر پنجاب چودھری سرور نے مزید کہا ہے کہ آج ملک میں سیکڑوں خواتین پر تیزاب پھینکا جاتا ہے، ملک میں جزا اور سزا کا نظام ہونا چاہیے، جب میں گورنر تھا تو لوگوں کو پینے کا صاف پانی دیا، میں نے یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز میرٹ پر لگائے، ہمارے ملک میں کرپشن ہے لیکن کوئی ڈائریکشن نہیں ہے، مل کر پاکستان کو اس دلدل سے نکال سکتے ہیں۔

بقیہ 3

اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت کی اولین ترجیح سیاسی اور معاشی استحکام ہے، گزشتہ حکومت نے آئی ایم ایف سے معاہدہ کیا، انہوں نے معاہدے کی خلاف ورزی کی، سوچ آن آف کر کے معیشت کو ٹھیک نہیں کیا جاسکتا، معیشت کو ٹھیک کرنے میں وقت لگے گا، گزشتہ حکومت معیشت کا بیڑہ غرق کر کے گئی، ان کی نااہلی کے اثرات ہمیں ورثے میں ملے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کیلئے اتحادی حکومت کی کاوشیں جاری ہیں، ایک طرف معیشت کو درست کرنے، دوسری طرف مسلح جتھوں کی تیاری ہورہی تھی، نومئی کا سیاہ دن عوام نے دیکھا، گزشتہ دو ہفتوں سے عوام کو خوشی والی خبریں مل رہی ہیں، وزیراعظم نے 1800 ارب کا کسان پیکیج دیا جس کے نتائج آرہے ہیں، آٹے کی فی کلو قیمت میں 35 سے 40 روپے کمی ہوئی ہے۔ مریم اورنگزیب نے مزید کہا ہے کہ کمرشل اور گھریلو صارفین کیلئے ایل پی جی سلنڈر میں نمایاں کمی ہوئی ہے، آج ڈالر کا ریٹ 27 روپے کم ہوا ہے، کوکنگ آئل کی قیمتوں میں 60 سے 70 روپے کمی کی گئی ہے، یہ ڈیفالٹ کے دہانے ملک چھوڑ کر گئے ہم نے ڈیفالٹ نہیں ہونے دیا، بجٹ سے متعلق وزیر اعظم نے مشاورتی اجلاس شروع کر دیئے ہیں، ذیلی کمیٹی معیاری بیج کی فراہمی کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ حکومت معیشت کا بیڑہ غرق کر کے گئی، ہم اسے بہتر کرنے کیلئے پرعزم ہیں، مشکل معاشی صورتحال میں معیشت کو استحکام دینے کیلئے آئی ایم ایف سے بات کی، معیشت کا تعلق سیاسی استحکام کے ساتھ جڑا ہے، نالائقوں، نااہلوں نے معیشت کی بنیادوں کے اندر بارودی سرنگیں بچھائیں، جب بھی معیشت میں بہتری آنا شروع ہوتی ہے تو یہ لوگ اس پر حملے کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے مزید کہا ہے کہ لوگوں کے ذہنوں میں نفرت کے بیج بوئے جارہے تھے، جلاؤ گھیراؤ اور نفرت کی سیاست کو فروغ دیا جارہا تھا، یہ نہیں چاہتے کہ کہیں اس ملک میں معیشت بہتر ہوجائے، مسلح جتھوں نے 9 مئی کو ملکی حساس اور عسکری تنصیبات پر حملے کیے، گزشتہ حکومت چاہتی تھی کہ ملک ڈیفالٹ کر جائے۔

بقیہ 4

چودھری پرویز الٰہی کی گاڑیوں کو ظہور الٰہی روڈ کے گول چکر پر ناکے پر گھیرے میں لے کر انہیں گرفتار کرلیا، پرویز الٰہی کے ترجمان نے بتایا کہ چودھری پرویز الٰہی کی گاڑی کے شیشے بھی توڑے گئے۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کو ان کی رہائش گاہ کے قریب سے گرفتار کیا گیا، پولیس ان کی ریکی کر رہی تھی، گرفتاری کے وقت پولیس کی بھاری نفری موقع پر موجود تھی، پرویز الٰہی کے ترجمان نے گرفتاری کی تصدیق کردی۔ بتایا گیا ہے کہ پرویز الٰہی کو گرفتار کر کے اینٹی کرپشن کے حوالے کردیا گیا، چودھری پرویز الٰہی اینٹی کرپشن گوجرانوالہ کو مطلوب تھے، پولیس کے اعلی حکام بھی ظہور الٰہی روڈ پہنچ گئے۔ انہوں نے بتایا کہ آج ان کے گھر سے تین گاڑیاں نکلیں تو انہیں تلاشی کے لیے روکا گیا، گاڑی کا شیشہ توڑا تو اندر پرویز الٰہی موجود تھے۔ عامر میر کا کہنا تھا کہ اینٹی کرپشن حکام چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری کے حوالے سے کچھ دیر بعد تفصیلات میڈیا سے شیئر کریں گے۔ چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری کے بعد پولیس آپریشن مکمل ہوگیا، جس کے بعد ظہور الٰہی روڈ کو ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پولیس 10 روز سے ظہور الٰہی روڈ کو بند رکھے ہوئے تھی، پولیس بدستور ظہور الٰہی روڈ پر موجود ہے۔

بقیہ 5

قانون میں تھوڑا سا ٹکرا ہے، جبکہ سپریم کورٹ رولز اینڈ پروسیجر کا سیکشن چار اور نظر ثانی قانون کا سیکشن 6 میں مماثلت ہے، ان دونوں قوانین میں نظر ثانی نیا وکیل کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ قوانین میں ہم آہنگی ہونی چاہیے، قانون سازی سپریم کورٹ کے انتظامی امور سے متعلق ہے، آپ کو سپریم کورٹ سے مشاورت کرنے چاہیے تھی، ہم وفاقی حکومت کی تجویز کو خوش آمدید کرتے ہیں، قانون کے حوالے سے پارلیمنٹ کا دوبارہ جائزہ لینا بہت اچھی بات ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے پوچھا کہ کیا آپ پارلیمنٹ میں معاملے کو دوبارہ لیکر جائیں گے؟۔ اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ سپریم کورٹ معاملہ خود پارلیمنٹ کو بھیجے۔ اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ہم ایسا نہیں کریں گے، ہم آپس میں مشاورت کر کے بتائیں گے، دوسرا طریقہ کار یہ ہے کہ ہم بھی کیس جاری رکھیں اور پارلیمنٹ بھی جاری رکھے، پھر دیکھتے ہیں زیادہ جلدی کون کرتا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ عدالت نے گزشتہ سماعت پر پارلیمانی کارروائی کا ریکارڈ طلب کیا تھا، ابھی تک ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا۔ چیف جسٹس نے بتایا کہ ہمیں خبروں سے معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے ریکارڈ فراہم کرنے سے انکار کردیا ہے، مگر یہ بھول گئے کہ انکی ویب سائٹ پر تمام ریکارڈ موجود ہوتا ہے، حکومت بڑی مہربان ہے، ہم نے ویب سائٹ سے تمام ریکارڈ حاصل کرلیا ہے۔ عدالت عظمٰی نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیخلاف درخواستوں پر سماعت آئندہ ہفتے کیلئے ملتوی کردی

بقیہ 6

تھا جناح ہاؤس کا واقعہ بہت ہی رنجیدہ کردینے والا ہے، بابائے قوم کا گھر جلایا اور محافظ وطن کی بےحرمتی کی گئی، یہ شرپسندی کسی طور قابل قبول نہیں، جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ نومئی کے واقعات پر غازی بھی صدمے سے دوچار ہیں، شرپسندی میں ملوث افراد کو کڑی سزا ملنی چاہئے، کوئی محب وطن پاکستانی ایسا کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔

بقیہ 7

پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، دھماکے کی نوعیت ابھی معلوم نہیں ہوسکی۔ ریسکیو حکام کے مطابق امدادی سرگرمیاں جاری ہیں جبکہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جارہا ہے

بقیہ 8

تعینات اہلکاروں نے دہشتگردوں کے حملے کا بھرپور جواب دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں سے شدید فائرنگ کے تبادلے میں 2 سکیورٹی اہلکار شہید ہوگئے، فورسز نے دہشت گردوں کو کامیابی سے پیچھے دھکیل دیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق شہید اہلکاروں میں 34 سالہ سپاہی حسنین اشتیاق کا تعلق ڈی جی خان اور 27 سالہ سپاہی عنایت اللہ جھل مگسی کے رہائشی تھے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ سکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں فوری طور پر کلیئرنس آپریشن شروع کر دیا، دہشتگردوں کو سرحد پار فرار ہونے سے روکنے کیلئے ایرانی حکام سے بھی رابطہ کیا جارہا ہے۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں امن اور استحکام کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ 9

دیگر شامل تھے۔ جسٹس اقبال حمید الرحمان اس سے قبل سپریم کورٹ آف پاکستان میں بھی ججز کے فرائض انجام دے چکے ہیں۔ جسٹس اقبال حمید الرحمان نے سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے اکتوبر 2016 میں استعفی دیدیا تھا۔

بقیہ 10

کے بعد اصلاحات کو موقع گنوا دیا گیا۔ ایکٹ کا سیکشن 4 سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار کو وسیع کرتا ہے، سکیشن 3 از خودنوٹس کا استعمال چیف جسٹس کو سنیئر ججز کے ساتھ مل کر استعمال کرنے کا کہتا ہے۔ ق لیگ نے جواب میں کہا کہ ایکٹ کا سیکشن 3 عدلیہ کے 184 تھری کے اختیار کو کم نہیں کرتا، سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری، گلزار احمد اور ثاقب نثار کی جانب سے اختیارات کا استعمال کیا گیا۔ اختیارات کے نتائج اسٹیل مل، پی کے ایل آئی اور نسلہ ٹاور کی صورت میں سامنے آئے۔ جواب میں مزید کہا گیا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجرا یکٹ جیسی قانون سازی سے ایسے نتائج سے بچا سکتا تھا، کمیٹی کی جانب سے مقدمات کو مقرر کرنا از خودنوٹس اختیارات کے استعمال سے عوام کا اعتماد بڑھے گا۔ یادر ہے کہ گزشتہ روز تحریک انصاف نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کالعدم قرار دینے کی استدعا کی تھی۔ تحریک انصاف نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون سے متعلق کیس میں جواب جمع کرایا۔ تحریک انصاف نے بطور فریق سپریم کورٹ میں جواب جمع کرایا جس میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجرل قانون عدالیہ کی آزادی کیخلاف ہے، قانون کے ذریعے عدلیہ کے اندرونی انتظامی امور میں مداخلت کی گئی۔ تحریک انصاف نے عدالت سے استدعا کی کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجرل قانون کو غیر آئینی قرار دیا جائے۔

بقیہ 11

تربیتی شعبوں میں پہلے سے موجود تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان قائم بھائی چارے کے رشتے کا ذکر کرتے ہوئے سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ "پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے مضبوط سفارتی، اقتصادی اور دفاعی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو علاقائی امن، سلامتی اور استحکام سے متعلق تمام اہم امور میں ہم آہنگی پر مبنی ہیں۔"ازبکستان کے سفیر نے پاک فضائیہ کی جانب سے خاص طور پر خود انحصاری کے میدان میں کی گئی غیر معمولی پیش رفت کی تعریف کی اور پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ انہوں نے موجودہ دوطرفہ تعلقات کو ہر سطح پر فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ مزید برآں معزز مہمان نے تربیتی شعبے سمیت نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور ہوا بازی کی صنعت میں باہمی اشتراک کے ساتھ ساتھ مختلف شعبوں میں موجودہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ اور ازبکستان کے سفیر کے درمیان یہ ملاقات دونوں ممالک کے مابین لازوال دوستی اور پرامن و مستحکم خطے کے لیے کام کرنے کے پختہ عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ (ترجمان پاک فضائیہ)

بقیہ 12

کیسز بند کر دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ترمیمی ایکٹ کے مطابق چیئرمین انکوائریز، انویسٹی گیشن بند کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوا سکیں گے۔ نیب ترمیمی ایکٹ کے تحت چیئرمین نیب کی عدم دستیابی پر ڈپٹی چیئرمین کو اختیارات حاصل ہوں گے۔

بقیہ 13

دیکھنے اور اعلان کرنے پر پابندی ہوگی، جھوٹی شہادت دینے والے بھی گرفت میں آئیں گے۔ قومی اسمبلی نے بدھ کو رویت ہلال کمیٹی سے متعلق قانون اتفاق رائے سے منظور کیا تھا، جس کی تفصیلات سما کو حاصل ہوگئیں، بل فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔ قانون کے مطابق چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی بنائی جائے گی، 16 رکنی مرکزی کمیٹی میں تمام مکاتب فکر کی نمائندگی ہوگی۔ بل کے مطابق نجی کمیٹیوں کی جانب سے چاند دیکھنے پر مکمل پابندی ہوگی، قانون کی خلاف ورزی کرنے پر 5 لاکھ روپے تک جرمانہ ہوگا، چاند کی جھوٹی گواہی دینے پر 3 سال قید اور 50 ہزار جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ منظور شدہ بل کے مطابق ہر صوبہ 6 ارکان پر مشتمل ضلعی کمیٹیاں بنائے گا، جس کی نگرانی ڈپٹی کمشنرز کریں گے، اسلام آباد کی کمیٹی 7 ارکان پر مشتمل ہوگی جس میں ایک چیئرپرسن بھی شامل ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی، صوبائی اور اسلام آباد کی کمیٹیوں کی مدت 3 سال ہوگی، نئے قانون کے تحت میڈیا سرکاری اعلان سے پہلے چاند نظر آنے کی خبر نشر نہیں کر سکے گا

بقیہ 14

ماہرین کا کہنا ہے بلیو روڈ پراجیکٹ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے متعارف کرایا گیا۔ سڑک کے اردگرد لگائے گئے پودے فضائی آلودگی کے دشمن ثابت ہوں گے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے شہر کے بنیادی ڈھانچے اور اسکے رہائشیوں کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لئے یہ پہلا قدم ہے۔ لاہور جدید اور پائیدار ٹیکنالوجی کے نفاذ میں دنیا بھر کے دیگر شہروں میں شامل ہو جائے گا۔ موسمیاتی تبدیلیوں بالخصوص ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے اور صحت مند ماحول کو فروغ دینے کے لئے بلیو روڈ کا یہ آئیڈیا قابل تعریف ہے

بقیہ 15

سے ہمیشہ کیلئے مائنس کردیا ہے، اسلئے اب خواہ کوئی لاڈلا ہو یا کسی کا پروردہ کسی کو معافی نہیں ملے گی اور ریاست کی رٹ چیلنج کرنیوالوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ وہ فیصل آباد میں اپنی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج کل 9 مئی کی صورتحال کے حوالے سے بہت بات ہورہی ہے اور اس سلسلہ میں دوبارہ زہریلا پراپیگنڈہ کیا جارہا ہے اور خواتین کو استعمال کرتے ہوئے قانون نافذ کرنیوالے اداروں پر خواتین کے ساتھ زیادتی جیسے گھٹیا الزام عائد کرنے کی پلاننگ کی جارہی ہے تاکہ پہلے یہ کہا جائے کہ ہماری خواتین کے ساتھ بدسلوکی ہورہی ہے پھر اس کی آڑ میں انسانی حقوق کے اداروں کی ہمدردیاں سمیٹی جائیں اور عدلیہ پر بھی اثر انداز ہوا جائے لیکن جب یہ خواتین زمان پارک سے مکمل ٹریننگ لیکر ایک منصوبہ کے تحت جس کا ماسٹر مائنڈ عمران خان ہے وہاں سے پٹرول بم لیکر نکلتی اور جناح ہاؤس و کور کمانڈر ریزیڈنس سمیت دیگر مقامات پر حملہ آور ہوتی ہیں تو اس وقت یہ لوگ کہاں تھے، ان کی ہمیشہ سے یہ روایت رہی ہے کہ پہلے یہ خواتین کو استعمال کرتے ہیں، انہیں فرنٹ لائن پر لا کر حملے کرواتے ہیں اور پھر ان کے پیچھے چھپ کر جان بچانے کیلئے انہی عورتوں کا استعمال شروع کردیتے ہیں لیکن اب ہر ہر شخص نے دیکھا اور ان کی ویڈیوز موجود ہیں کہ وہ کس طرح ایکٹ کررہی ہیں اسلئے کسی کے ساتھ صرف اسلئے رعایت نہیں برتی جاسکتی کہ وہ عورت ہے، یا ڈریس ڈیزائنر ہے یا اس کے پاس دوہری شہریت ہے لہٰذا حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو بھی گنہگار ہوگا وہ خواہ کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو اسے نہیں چھوڑا جائے گا اور کسی بے گناہ کے ساتھ کسی قسم کی کوئی زیادتی نہیں ہونے دی جائے گی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ نومئی کا پروپیگنڈہ دوبارہ سے کیا جارہا ہے اور اس پروپیگنڈا میں خواتین کو ڈھال بنایا جارہا ہے، جس کے ذریعے وہ اپنی اور اپنے لیڈر کی جان چھڑوانا چاہتے ہیں لیکن ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سانحہ ایک منٹ یا ایک دن میں نہیں بلکہ کئی مہینوں کی تیاری، پلاننگ اور سوچ بچار سے ہوا ہے، اس میں زمان پارک میں لوگوں کو ٹرینڈ کر کے ان کی ڈیوٹیاں لگائی گئیں لیکن آج کل خواتین کے حوالے سے سٹوریز بنائی جارہی ہیں، پی ٹی آئی پہلے بھی خواتین کو ڈھال بناتی رہی ہے اب بھی وہی کررہی ہے، ریاستی ادارہ پر خواتین سے زیادتی کا گھٹیا الزام لگایا جارہا ہے۔ لیگی رہنما نے کہا کہ یہ کہتے ہیں کہ بلوائی ثابت ہونے کے باوجود پی ٹی آئی پر پابندی نہیں لگا سکتے مگر ہم پوچھتے ہیں کہ کیوں، ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں نے کیا کیا تھا انہوں نے بھی ریاستی اداروں پر حملے کئے تھے اور حکومت کی رٹ تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا وہی کام پی ٹی آئی نے کیا ہے صرف نام کا فرق ہے کام دونوں کا ایک ہی ہے لہٰذا اگر ٹی ٹی پی پر پابندی لگ سکتی تو پی ٹی آئی پر بھی لگنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان پر پابندی نہ لگی تو کل کو یہ پھر الیکشن میں آئیں گے اور اب جن لوگوں نے جناح ہاؤس، کور کمانڈر کی رہائش گاہ، حساس ادارے کے دفاتر کو نہیں چھوڑا تو کل کو یہ پولنگ سٹیشن یا بیلٹ بکسز کو کیا چھوڑیں گے، جو لوگ پٹرول بم بنانے کے ماہر ہیں ان کے مقابلے میں ہم جیسے لوگ جن کے پاس چھری تک بھی نہیں ان کا کیا بنے گا اسلئے اگر اس کو سزا نہ دی گئی پھر ہمیں بھی کھلی چھٹی دی جائے تاکہ جو یہ کرے ہم بھی اسے وہی کر کے دکھائیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے بھی دہشت گردوں والا کام کیا ہے پھر ان پر پابندی کیوں نہیں لگ سکتی، انہوں نے بھی ہتھیار اٹھا کر ریاست پر حملے کئے ہیں تو ان پر پابندی میں کیا امر مانع ہے، صرف یہ کہ یہ لاڈلا ہے لیکن اب ایسا نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی پریس کانفرنس کرنیوالے کو اپنی پارٹی کے پیچھے نہیں چھپنے دیں گے کیونکہ ہمارے پاس اپنے وافر لوگ موجود ہیں اسلئے ہم کسی دوسری پارٹی سے کسی کو نہیں رکھیں گے، یہ چاہتے ہیں کہ جھوٹی کہانیاں بنا کر یہ رہا ہوجائیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون جب حرکت میں نہ آئے تو اس طرح کے لاڈلے پیدا ہوتے ہیں جو کسی ادارے کا خیال نہیں رکھتے لیکن اب کسی کو کوئی ٹالرنس نہیں ملے گی، گناہگار لوگوں کی آنکھوں کے سامنے ہیں، پی ٹی آئی خواتین کی ایلیٹ کلاس اپنے آپکو پتہ نہیں کیا سمجھتی ہے جو وسائل رکھتے ہیں اگر ان کو سزا نہ ہوئی تو پھر دوسروں کو بھی چھوڑنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ سب پلاننگ زمان پارک میں ہوئی ہے، جس کے ثبوت بھی مل گئے ہیں، اب یہ چاہتے ہیں کہ جھوٹے افسانے گھڑ کر یہ رہا ہوجائیں، اگر جوڈیشل کمپلیکس جس کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی اس میں عمران کو سزا ہوتی تو نومئی کا واقعہ نہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ لاڈلا لاہور سے چلتا تھا اور اگر کوئی پولیس والا ہاتھ آجاتا تو چھوڑتا نہیں تھا، پٹرول بم چلاتے تھے تو کوئی ہاتھ نہیں ڈالتا تھا لیکن اب اپنی گھر والی کو سفید چادروں میں لیکر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نومئی کو پلان پر ڈیوٹیاں لگانے والا عمران خان اور نومئی کا سب سے بڑا مجرم یہ ہے جو بی بی سی کو انٹرویو میں کہتا ہے کہ رینجرز نے جب مجھے پکڑا تھا تو یہی ہونا تھا، بی بی سی کو انٹرویو میں کہتا ہے کہ اس میں میرا کوئی ہاتھ نہیں بلکہ یہ سب میری پارٹی، جماعت کے رہنماؤں اور کارکنوں نے اپنے طور پر کیا ہے اس طرح یہ اپنی جان چھڑوانے کی کوشش کررہا ہے حالانکہ یہی اس منصوبہ کا ماسٹر مائنڈ ہے جو کئی مہینوں سے اس واردات کی پلاننگ کر اور زمان پارک میں لوگوں کو ٹریننگ دے رہا تھا جس کے سہولت کار صرف پاکستان میں ہی نہیں انڈیا، اسرائیل اور دیگر ممالک میں بھی ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ یہ پڑھے لکھے لوگوں کا مستقبل تباہ کررہا ہے، یہ اپنی جان چھڑوا کر چاہتا ہے کہ لوگوں کو سزا ہوتی ہے تو ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنے کیلئے پریس کانفرنسز کر کے یہ سمجھ رہے ہیں کہ جرم سے ان کی جان چھوٹ جائے گی لیکن اگر کسی نے بھی دہشت گردانہ کارروائیوں اور بلوؤں میں کوئی حصہ ڈالا ہے، یا وہ جناح ہاؤس کو جلانے میں ملوث ہیں تو وہ چاہے جتنی مرضی پریس کانفرنسز کرلیں ان کو معافی نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی بس پہلے ہی فل ہے بلکہ کئی سواریاں کھڑکیوں اور دروازوں میں بھی لٹکی ہوئی ہیں اسلئے ہمیں کسی شرپسند کو اپنی پارٹی میں لینے کی نہ کوئی ضرورت ہے نہ ہی جلدی ہے جبکہ ہمارے پاس ہماری ایک ایک سیٹ پر کئی کئی امیدوار موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ عمران خان سے لاڈلے والا رویہ ترک کر کے اسے قرار واقعی سزا دی جائے اور اس کی پارٹی پر پابندی لگائی جائے

بقیہ 16

کے احکامات غیر قانونی ہیں، عدالت نے نظر بندی کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ فیصلے کے مطابق ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر افراد کی نظر بندی کے احکامات کو خلاف قانون قرار دیا گیا، اس کے علاوہ لاہور، وزیر آباد، جھنگ، شیخوپورہ، حافظ آباد اور منڈی بہاالدین میں کارکنوں کی نظر بندی کے احکامات بھی کالعدم قرار دیئے گئے۔ گجرات، ننکانہ صاحب، گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور نارووال میں بھی کارکنوں کی نظر بندی کالعدم قرار دے دی گئی۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ 9 مئی کے حیران کن واقعہ نے پرامن اور جمہوری ملک کی مسخ شدہ تصویر پیش کی، امن وامان قائم رکھنا حکومت کی ذمہ داری تھی، 9 مئی کو سیاسی لیڈر کی گرفتاری پر ملک بھر میں افسوسناک ردعمل آیا، حکومت نے 9 مئی کے واقعہ پر بغیر سوچے سمجھے لاتعداد نظر بندی کے احکامات جاری کئے۔ فیصلے کے مطابق حکومت کے پاس اگر کوئی شواہد موجود تھے تو فوجداری مقدمات میں گرفتاری کیلئے بہت وقت تھا، گرفتار افراد کو الزامات کا پتہ تو ہوتا کہ وہ اپنا دفاع کرسکیں، ڈی سی کے نوٹیفکیشن میں صرف ڈی پی او کی رپورٹ پر شہریوں کو جیلوں میں ڈال دیا گیا، ڈی سی کا نظر بندی کا فیصلہ پبلک مینٹیننس آرڈیننس 1960 کے سیکشن 3 کی خلاف ورزی ہے، تمام نظر بند افراد کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔

بقیہ 17

دعوی کیا کہ ان کا پی ٹی آئی کی سابقہ لیڈرشپ سے رابطہ ہوا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے متعدد رہنماؤں نے فواد چوہدری سے رابطوں کی تردید کردی۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنماؤں نے پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی تھی۔ ملاقات کے بعد فواد چوہدری نے دعویٰ کیا تھا کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنماؤں سے تفصیلی گفتگو ہوئی ہے اور پارٹی میں شامل افراد سے بھی رابطے کئے گئے ہیں۔ تاہم پی ٹی آئی کے متعدد رہنماؤں نے فواد چوہدری سے رابطوں کی تردید کردی۔ اس حوالے سے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ میرا فواد چوہدری سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ شاہ محمود قریشی کے بیٹے زین قریشی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنماؤں کے شاہ محمود سے ملاقات پر تاثر کی تردید کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی پارٹی کے وائس چیئرمین ہیں۔ حماد اظہر نے کہا کہ میں چیئرمین عمران خان کا کارکن ہوں اور تحریک انصاف کا عہدہ دار، اگر کوئی دوست مشورہ یا حل تجویز کرنا چاہیں تو اس کا حتمی فیصلہ صرف عمران خان ہی کریں گے

بقیہ 18

سات صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے وفاقی حکومت، وزارت داخلہ، وزارت دفاع اور پی ٹی اے کو بھی پٹیشن میں فریق بنانے کی ہدایت کی۔ عدالت نے سیکرٹری قومی اسمبلی سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے پٹیشن پر پیراوائز کمنٹس جمع کرانے کی ہدایت کی جبکہ اعتزاز احسن، مخدوم علی خان، میاں رضا ربانی اور محسن شاہنواز رانجھا کو عدالتی معاونین مقرر کردیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا آئین اور قانون شہریوں کی کالز کی سرویلنس اور خفیہ ریکارڈنگ کی اجازت دیتا ہے؟ اگر فون ریکارڈنگ کی اجازت ہے تو کون سی اتھارٹی یا ایجنسی کس میکنزم کی تحت ریکارڈنگ کر سکتی ہے؟ آڈیو ریکارڈنگ کو خفیہ رکھنے اور اس کا غلط استعمال روکنے کے حوالے سے کیا سیف گارڈز ہیں؟ اگر اجازت نہیں تو شہریوں کی پرائیویسی کی خلاف ورزی پر کون سی اتھارٹی ذمہ دار ہے؟۔ ہائی کورٹ نے سوال کیا کہ غیر قانونی طور پر ریکارڈ کی گئی کالز کو ریلیز کرنے کی ذمہ داری کس پر عائد ہوگی؟ بتائیں کہ پارلیمنٹ کسی پرائیویٹ شخص کے معاملے پر انکوائری کرسکتی ہے؟ کیا رولز اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ اسپیکر پرائیویٹ اشخاص کی گفتگو لیک ہونے پر خصوصی کمیٹی بنائیں؟ عدالت نے ریمارکس دیے کہ پارلیمنٹ کے احترام میں تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے خصوصی کمیٹی کی تشکیل کا نوٹی فکیشن معطل نہیں کیا جا رہا، پٹیشنر نجم الثاقب کو خصوصی کمیٹی کی جانب سے طلب کرنے کا سمن 25 مئی تک معطل رہے گا۔

بقیہ 19

حیثیت میں عدالت طلب کرلیا۔ ڈیجیٹل میڈیا سے منسلک افراد کو ہراساں اور نظر بند کرنے کے خلاف دائر درخواست کی لاہور ہائی کورٹ میں سماعت ہوئی۔ درخواست شہری نبیل رشید کی جانب سے ان کے وکیل نے دائر کی۔ درخواست گزار کی سے ایڈووکیٹ اظہر صدیق، ایڈووکیٹ سلمہ، ایڈووکیٹ آمنہ اور عبداللہ ملک پیش ہوئے۔ عدالت نے فریقین کی جانب سے جواب جمع نہ کروانے پر اظہار برہمی کیا اور سیکریٹری دفاع سمیت سیکرٹری داخلہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ جسٹس انوار الحق پنوں نے ریمارکس دیے کہ یہ عدالتی احکامات کی حکم عدولی کررہے ہیں اور کوئی اچھا تاثر نہیں دے رہے، بین الاقوامی سطح پر کیا پیغام جارہا ہے کہ پاکستان میں عدالتوں کا کوئی احترام نہیں ہے؟ آپ یہ کوئی نیک نامی نہیں کما رہے، قانون سے کوئی بالا تر کوئی نہیں ہے، کیوں نہ سیکریٹری دفاع اور سیکریٹری داخلہ کو بلا لیں، ویسے تو وہ صدر کی بھی نہیں سنتے۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ ڈیجیٹل میڈیا سے وابستہ افراد کو اٹھایا جارہا ہے، گزشتہ روز ایک یوٹیوبر کو اٹھایا گیا اور 3 گھنٹے سے زیادہ محبوس رکھا گیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ ہماری فوٹیج کی مدد سے سرپرست عناصر کو گرفتار کیا گیا، ہم نے واقعے کی کوریج کی اور ہمیں ہی اٹھایا جارہا ہے ہراساں کیا جارہا ہے، یہ ہمیں بتائیں کہ اگر کسی سے تفتیش درکار ہے تو ہم مکمل تعاون کریں گے، ہمارے 3 ڈیجیٹل میڈیا پرسن تاحال لاپتہ ہیں اور کچھ معلوم نہیں کہاں ہیں۔ بعدازاں عدالت نے سماعت پیر تک تک ملتوی کردی۔

بقیہ 20

ہائیکورٹ نے ماڈل ٹاؤن کچہری میں ایڈیشنل سیشن ججز تعینات کرنے کا حکم دیدیا، ایڈیشنل سیشن جج ماڈل ٹاؤن کی تحصیل کے کیسز پر سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد رجسٹرار نے ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ متن میں کہا گیا ہے کہ ایڈیشنل سیشن ججز فوری متعلقہ اسٹیشنز پر کام شروع کریں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل تحصیل ماڈل ٹاؤن کے سائلین کو فوجداری کیسز کیلئے سیشن کورٹ جانا پڑتا تھا

بقیہ 21

سے جمع کروائی جانے لگی۔ بتایا گیا ہے کہ وزارت داخلہ کے منظور کردہ اسلحہ لائسنسوں سے وصول ہونے والی رقم نادرا ذاتی طور پر استعمال کرنے لگا ہے۔ گزشتہ مالی سال نادرا نے 30 ہزار اسلحہ لائسنس جاری کیے، جس میں تقریباً 14 کروڑ روپے سے اپنے اخراجات پورے کیے جاتے رہے۔ گزشتہ مالی سال 2021-22 میں 37 ہزار غیر ملکیوں نے ای ویزہ بنوائے، تین ارب روپے کئی ہفتوں تک نادرا نے اپنے اکاؤنٹس میں رکھے۔ آڈیٹر جنرل نے اسلحہ لائسنسوں کی آمدنی کو سرکاری خزانے میں جمع کروانے کے عمل کو ناقص اور غیر قانونی قرار دے دیاہ

بقیہ 22

کے باہر سے موٹر سائیکل چوری جبکہ ایک اور واردات میں چوروں نے مطوعہ کے رہائشی کو اس کے پالتو جانوروں سے محروم کردیا تھانہ جاتلی کے نواحی علاقے راماں میں ڈاکوں نے اسلحہ کی نوک پر سکیورٹی گارڈ کو باندھ کر زیر تعمیر عمارت کا ٹرانسفارمر لے اڑے پولیس نے تمام وارداتوں کے الگ الگ مقدمات درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا

بقیہ 23

مطابق تھانہ نیکاپورہ کے علاقہ اکبرآباد میں کریانہ کی دکان پر 2 کس نامعلوم ڈاکوؤں نیا یک جنرل سٹور میں دوران واردات مزاحمت پر لدھڑ کے رہائشی 40 سالہ حبیب الرحمان کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے۔ واقع کی اطلاع ملنے پر ڈی پی او سیالکوٹ محمد حسن اقبال، ایس پی انویسٹی گیشن ضیاء اللہ، ایس ڈی پی او صدر سرکل اور پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے۔ ڈی پی او نے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے افسوسناک واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کے احکامات جاری کئے اور اس سلسلہ میں شہر کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق عدالت سے سزا دلوائی جائیگی اور متاثرہ فیملی کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی۔

بقیہ 24

کے ماسٹر ٹرینرز دعوت اسلامی گوجرخان کے حاجی محمد صدیق، الحاج انجینیئر عبدالوحید عطاری اور الحاج مبشر حسن عطاری نے حجاج اکرام کو احرام باندھنے سے لیکر طواف وداع تک عملی رہنمائی کی ان ماسٹر ٹرینرز نے ضلع راولپنڈی اور بالخصوص گوجرخان میں حجاج کی عملی تربیت میں کلیدی کردار ادا کیا اس موقع پر ماسٹر ٹرینرز نے کہا کہ دعا ہے کہ تمام عازمین حج خیروعافیت سے حج کے فریضہ کو سرانجام دیں حکومت پاکستان عازمین حج کو مکمل اور پوری سہولیات فراہم کرے گی تاکہ وہ فریضہ حج خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکیں انہوں نے کہا کہ حجاج کرام پر اللہ پاک کی خاص عنایت ہے کہ وہ اللہ پاک کے گھر کی زیارت کے لئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ کو اللہ پاک نے فضیلت عطا کی ہے اس لئے حجاج کرام پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مذکورہ جگہوں کے ادب واحترام پر خاص توجہ دیں تاکہ اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل ہو ورکشاپ کے موقع پر انہوں نے حجاج کرام کو احرام باندھنے سمیت حج کے تمام ارکان کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہی دی

بقیہ 25

طرح سے صاف کرنے میں مصروف رہے تاکہ شہر میں نکاسی آب کے مسائل پیدا نہ ہو، ان خیالات کا اظہار چیف ایگزیکٹو آفیسر آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر نے گزشتہ روز آپریشنل افسران کو احکامات دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر بھر کی اور خاص کر نالیوں کی صفائی کی صورتحال کا معائنہ کرنے کیلئے مختلف مقامات کے اچانک دورے کر کے انتظامات کا خود جائزہ لیں تاکہ اس آپریشن میں کسی بھی قسم کی کوتاہی نہ ہو ورکرز بارش کے دوران چوک، نالوں، نالیوں کو فوری طور پر کھولتے جائیں تاکہ شہر میں نکاسی کا کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو، جہاں جہاں رکاوٹیں پائی جائیں وہاں فوری طور پر صفائی یقینی بنائی جائے، انہوں نے کہا کہ بارشوں سے قبل شہر اور نالوں کی بروقت اور ہیوی مشینری سے صفائی کے باعث شہری نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے کسی بھی مسئلے سے دوچار نہیں ہوئے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا ساجد صفدر کی ہدایت کی روشنی میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ورکرز کی ڈیوٹیاں مختلف شفٹوں میں تفویض کر دی ہیں، شہریوں کے تحفظ کیلئے نالوں کی صفائی کو ہر ممکن وسائل سے یقینی بنایا جارہا ہے اس دوران آر ڈبلیو ایم سی کے افسران ورکرز کے ساتھ فیلڈ میں موجود ہیں لیکن آپکے تعاون کے بغیر یہ عمل ممکن نہیں، ہم سب نے مل کر ہی راولپنڈی شہر کو صاف ستھرا بنانا ہے اور بارشوں میں نقصانات سے بچنے کیلئے نالے، نالیوں اور گلیوں کو صاف رکھنا ہے، صفائی کے حوالے سے کسی بھی قسم کی شکایات ہمیں ہمارے ہیلپ لائن نمبر 1139 پر شکایات درج کرائیں۔ انہوں نے مزید کہا صفائی پر کوئی سمجھوتا نہیں

بقیہ 26

نوجوانوں کو پیغام دیتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر محسن خالد نے کہا کہ تمباکو نوشی مہلک زہر ہے جو انسان کو کھوکھلا کر دیتی ہے۔ اس سے گلے کی بیماریاں، دل کی بیماریاں، کینسر قوت مدافعت میں کمی سمیت متعدد امراض جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنی زندگی کو انجوائے کرنے کے لئے نوجوان تمباکو نوشی سے پرہیز کریں۔

بقیہ 27

تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

بقیہ 28

چلوا کر پروپیگنڈا کیا گیا، ایک واقعہ ہوا ہی نہیں اس کو اصل بنا کر پیش کیا گیا، جھوٹی تصاویر اور ویڈیوز کو 9 مئی سے لنک کیا جارہا ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ کسی خاتون کے ساتھ بدتمیزی کا تصور نہیں کیا جاسکتا، کسی خاتون کے ساتھ نہ بدتمیزی ہوئی نہ زیادتی کا نشانہ بنایا گیا، بیرون ملک سے مدد اور عالمی میڈیا کی توجہ کیلئے جھوٹی مہم چلائی گئی، خواتین محفوظ ہیں اور جیل مینوئل کے مطابق جو سہولیات ہیں، انہیں دی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر وہ کام کیا جارہا ہے جو جرائم پیشہ اور ملک دشمن لوگ کرتے ہیں، آفیشل اکاؤنٹ سے ٹویٹ کرتے ہیں اور پھر ڈیلیٹ کردیتے ہیں، بچوں کا نام لے کر سیاست نہ کی جائے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ شرپسندوں کو کیفر کردار تک پہنچنا ہے، یہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، قانون کے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے۔

بقیہ 29

سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے تمام نالوں میں پانی کی سطح نارمل اور کنٹرول میں ہے۔

بقیہ 30

ایس پی ریکی فدا حسین کی سربراہی میں تھانہ ناصر باغ پولیس نے اہم کارروائی کے دوران مشکوک حالت میں مسلح ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان ناصر باغ روڈ پر مشکوک گاڑی میں موجود تھے۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے دو کلاشنکوف، متعدد میگزینز اور سینکڑوں کارتوس برآمد کرلئے گئے جبکہ مشکوک ویگو گاڑی بھی پولیس نے تحویل میں لے لی۔ گرفتار ملزمان کی شناخت ابوزر ولد زین شاہ، رحمت اللہ ولد مراد علی، یار ولی ولد گل ولی، پیرزادہ ضیاء الحق ولد محمد صادق اور خیال شاہ ولد حاجی شینک کے ناموں سے ہوئی، ملزمان کا تعلق ضلع خیبر اور پشاور سے ہے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے

بقیہ 31

کی حکومت بھی یہی کہتی ہے کہ ہم نے پرانی حکومت کا گند صاف کرنا ہے، جماعت اسلامی نے 75 سال اسلام اور پاکستان کے لیے کام کیا، پاکستان ترقی کرے گا تو ہم سب ترقی کریں گے، معاشی خوشحالی ہوگی تو سب خوشحال ہوں گے، اس وقت 95 فیصد عوام مظلوم ہے۔ سراج الحق کا کہنا تھا کہ عوام کیلئے ایک ہی امید کی شمع ہے اور وہ ہے جماعت اسلامی، ہمارے پاس یکساں نظام تعلیم کا پروگرام ہے، ہمارے پاس نوجوانوں کے روزگار کے لیے پروگرام ہے، اس وقت طاقتور ملک وہ ہے جس کی معیشت اچھی ہے، جاپان ایک چھوٹا ملک ہے لیکن معاشی پاور زیادہ ہے، پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کے پاس قرضوں کا پروگرام ہے، ہمارے پاس روشنی کا پروگرام ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ قوم آزمائے ہوئے لوگوں پر مزید اعتماد نہ کرے، عام آدمی کا ووٹ ایک فیصلہ کن چیز ہے، اگر ملائیشیا، جاپان آگے بڑھ سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں آگے بڑھ سکتے، امید ہے لوگ جماعت اسلامی پر اعتماد کریں گے، ہم آپ کو ایک روشن پاکستان دے سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان پارٹیوں کو 100 سال بھی موقع ملے تو پاکستان ایسے ہی چلے گا، پی ڈی ایم کا کوئی علاج نہیں ہے نہ ان کے پاس ملکی مسائل کا کوئی حل ہے۔

بقیہ 32

انہوں نے سپرنٹنڈنٹس اور نگران عملے کو ہدایت کی کہ شفاف امتحانات کے انعقاد کیلئے مستعدرہ کر اپنے فرائض سرانجام دیں اور طلبہ کو امتحانات کے دوران سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی امیدواروں کیلئے ہوادار کمرے، بیٹھنے کا مناسب بندوبست اور پینے کیلئے ٹھنڈا پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر سرمد تیمور نے کہا کہ امتحانی مراکز میں طلبا و طالبات کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈیوٹی پر موجود افسر وعملہ بہتر طریقے سے فرائض سرانجام دیں، غیر متعلقہ افراد کو امتحانی مراکز سے دور رکھا جائے اور نقل کی روک تھام کیلئے خصوصی نگرانی کریں

بقیہ 33

کی حالت تشویشناک ہے۔ اسلام آباد میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 227 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا، مثبت کیسز کی شرح 0.44 فیصد رہی۔

بقیہ 34

ملاقات ہوئی، گفتگو مکمل ریکارڈ ہورہی تھی، عافیہ صدیقی کی صحت کمزور، بار باران کی آنکھوں میں آنسو آرہے تھے۔ سینیٹر مشتاق خان کے مطابق ملاقات میں ڈاکٹر عافیہ بار بار کہہ رہی تھی مجھے اس جہنم سے نکالو، ملاقات کے اختتام پر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو زنجیروں میں لے جایا گیا۔ سینیٹر مشتاق احمد خان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کی چابی واشنگٹن نہیں اسلام آباد میں پڑی ہے، حکمرانوں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو رہا کراو۔

بقیہ 35

۔انکا کہنا تھا کہ قانون کے مطابق ان خواتین کی شناخت پریڈ ہونے سے پہلے ملاقات ممکن نہیں، تمام گرفتار ملزمان کیلئے ملکی قوانین کا اطلاق ایک جیسا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی سے ناانصافی ہوگی اور نہ ہی کسی کو کوئی رعایت ملے گی، شناخت سے پہلے ملزمان کی کسی بھی شخص سے ملاقات نہیں کروائی جاتی۔ ایک نام نہاد سیاسی جماعت پوائنٹ اسکورنگ کیلئے خواتین کی تعداد بڑھا چڑھا کر پیش کررہی ہے۔ قبل ازیں نگران پنجاب حکومت نے عمران خان سے 25 نام نہاد پی ٹی آئی شہداء کی لسٹ مانگی تھی۔ نگران وزیر اطلاعات پنجاب عامر میر نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے پی ٹی آئی کے ان 25 نام نہاد شہداء کی لسٹ مانگی جن کے نام پر انہوں نے پاکستانی امریکن کمیونٹی سے 5 لاکھ 34 ہزار ڈالرز بطور امداد اینٹھے۔ نگران وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ خان صاحب کو ایک کالے جھوٹ کی بنیاد پر ڈالرز ٹھگنے پر شرم سے ڈوب مرنا چاہیئے۔ عمران خان کی 4 سال حکومت چلانے والا کردار حملوں کا ماسٹر مائنڈ تھا، کور کمانڈر گوجرانوالہ، کور کمانڈر پنڈی پر حملے کی منصوبہ بندی تھی۔ عمران خان کا اصرار ہے زیادہ اہلکار سرچ آپریشن کیلئے نہ آئیں، مطلوب افراد کی جیوفینسنگ کی گئی جن کی لوکیشن زمان پارک آئی۔ یادرہے پاک امریکن کمیونٹی نے پرامن احتجاج کرتے ہوئے گولی لگنے سے جاں بحق ہونے والے 25 پی ٹی آئی ورکرز کے اہل خانہ کے لیے فنڈز جمع کرنے کی عمران خان کی اپیل پر 5 لاکھ 34 ہزار ڈالرز جمع کیے تھے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ میں پاک امریکن کمیونٹی کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور فنڈ قائم کرنے پر ڈاکٹر نصر اللہ اور اسد فیضی کا خصوصی شکرگزار ہوں۔

بقیہ 36

گئی۔ یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن پانچ بنیادی اشیاء پر وفاقی حکومت کی خصوصی سبسڈی بھی فراہم کررہی ہے۔ خیال رہے کہ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے جون کے پہلے 15 ایام کیلئے پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ وزیر خزانہ نے پٹرول، ہائی اسپیڈ ڈیزل، لائٹ اسپیڈ ڈیزل سستا کرتے ہوئے جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت برقرار رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر خزانہ کے اعلان کے مطابق پٹرول کی نئی قیمت 8 روپے کی سے 262 روپے، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 5 روپے کی سے 253 روپے مقرر کر دی گئی۔ لائٹ اسپیڈ ڈیزل بھی 5 روپے سستا کر دیا گیا جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت برقرار رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

بقیہ 37

کے مسائل سنے اور انہیں موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ سائلین کے ریونیو سے متعلقہ مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ کھلی کچہریوں کے ذریعے شہریوں کو متعدد سروسز کی فوری فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ ریونیو عوامی خدمت کچہریوں میں میرٹ پر عوام الناس کے مسائل بلا تاخیر حل کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو سے متعلقہ سائلین کے مسائل کے حل میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ ناقابل برداشت ہوگی۔ اس موقع پر سائلین نے ریونیو سے متعلقہ مسائل حل ہونے پر ضلعی انتظامیہ اور نگران حکومت سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ۔ عوامی خدمت کے لئے کھلی کچہریوں کا انعقاد نگران حکومت کا نہایت احسن اقدام ہے۔

بقیہ 38

تھے اور انہیں عمران خان سے غیر مشروط معافی مانگنی چاہئے۔ خیال رہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین عمران خان نے وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کو 10 ارب روپے کے ہرجانے کا نوٹس بھجوا دیا۔ عمران خان کی جانب سے بھجوائے گئے نوٹس کے متن میں کہا گیا ہے کہ عبدالقادر پٹیل 15 روز میں اپنے الزامات واپس لیں۔ نوٹس کے متن میں کہا گیا کہ عبدالقادر پٹیل فوری طور پر چیئرمین پی ٹی آئی سے غیر مشروط معافی مانگیں۔ عمران خان کے بھیجے گئے نوٹس میں مطالبہ کیا گیا کہ عبدالقادر پٹیل 10 ارب روپے بطور ہرجانہ ادا کریں، جسے شوکت خانم اسپتال میں جمع کروایا جائے گا۔ نوٹس میں عمران خان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ عبدالقادر پٹیل نے معافی نہ مانگی تو قانونی کارروائی آگے بڑھائیں گے۔ واضح رہے کہ وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا تھا کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کے یورین سیمپل سے شراب اور کوکین کے اجزا پائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ میڈیکل رپورٹ میں عمران خان کی ذہنی حالت پر بھی سوالیہ نشان لگایا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ اُن کی حرکات و سکنات فٹ آدمی کی نہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا تھا کہ عمران خان کی میڈیکل رپورٹ میں فریکچر نہیں پاؤڈر نکلا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی 5،6 ماہ پلستر چڑھا کر گھومے، مگر فریکچر نہیں تھا۔

بقیہ 39

ویسٹریج پولیس نے ملزم صہیب سے 01 کلو 100 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم نایاب سے 540 گرام چرس، ائیر پورٹ پولیس نے ملزم احمد حفیظ سے 660 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم دانیال سے 05 لیٹر شراب، وارث خان پولیس نے ملزم ارسلان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم عاصم ظہور سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 40

سے متعلقہ مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کئے۔ ریونیو عوامی خدمت سروسز میں فرد اور انتقال کا اجراء، درستگی ریکارڈ، رجسٹری، انکم سرٹیفکیٹ، معائنہ ریکارڈ، ڈومیسائل کا اجرا اور دیگر ریونیو مسائل کا ازالہ کیا گیا۔

بقیہ 41

گداگری کے خلاف سپیشل مہم میں مختلف تھانوں میں 161 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ اس دوران 165 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جن میں 150 مرد، 14 عورتیں اور ایک سہولت کار شامل ہے۔ اسی طرح گداگری کے خلاف مہم میں سٹی ڈویژن نے 33، کینٹ نے 22، سول لائنز نے 42، صدر نے 19، ماڈل ٹاؤن نے 34 اور اقبال ٹاؤن ڈویژن نے 11 مقدمات درج کئے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ سگنلز اور چوکوں وشاہراؤں پر بچوں اور خواتین سے بھیک منگوانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے جبکہ بھیک مانگنے والے بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے حوالے کیا جارہا ہے۔ اسی طرح نشے کے عادی گداگروں کو بحالی کے لئے بیگرز ہومز میں بھجوایا جارہا ہے۔

بقیہ 42

چوری میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 43

کی کوشش کی گئی، کیا نواز شریف اس وقت کسی جماعت کے قائد نہیں تھے؟ جاوید لطیف کا مزید کہنا تھا کہ آج سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے کو بھی وقت کے قاضی تحفظ دیتے ہیں، آج 9 اور 10 مئی کے واقعات کے ماسٹر مائنڈ تک رسائی نہیں ہے، نواز شریف نے ملک کو سی پیک کا تحفہ دیا مگر نواز شریف کو تاحیات نااہل کردیا گیا۔

بقیہ 44

گاڑی کھڑی ہوئی ملی جس کے شیشے ٹوٹے ہوئے تھے گاڑی کی تلاشی لینے پر سونے سے بھرا بیگ ملا جس پر تھانہ جنڈ پولیس کو اطلاع دی گئی ایس ایچ او سمیع اللہ تھانہ جنڈ فوری موقع پر پہنچ گئے اور بتایا کہ یہ گاڑی کچھ گھنٹہ پہلے کنگیال پل پر چھینی گ ءہے اور مدعی مقدمہ کاشف شہزاد اس کی بابت تھانہ میں موجود ہے اور بتایا ہے کہ کوہاٹ سے سرگودھا جارہے تھے کہ نامعلوم افراد نے گاڑی کو بزور اسلحہ روک کر شیشے توڑے اور گاڑی چھین لی۔ دو کروڑ کے لگ بھگ سونا اور گاڑی برآمد کرنے پر پٹرولنگ پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 45

اور میاں اسلم اقبال کا پارٹی سربراہ اور پارٹی ورکر سے سات سو مرتبہ رابطہ ہوا۔ دونوں کی دس پندرہ مرتبہ لوکیشن تبدیل ہوئی۔ حماد اظہر اور اسلام اقبال کے رشتہ داروں سمیت کئی افراد کو حراست میں لیا جاچکا ہے۔ حماد اور میاں اسلم اقبال مختلف سموں سے رابطے کررہے ہیں۔ میاں اسلم اقبال کے بھائی، بھتیجے اور رشتے داروں کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ جبکہ حماد اظہر کے سیکریٹری اور دیگر رشتہ داروں کو بھی حراست میں لیا گیا ہے۔ گذشتہ روز بتایا گیا کہ جناح ہاؤس پر حملے جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے مقدمہ میں قتل اور دہشت گردی کی دفعات میں نامزد تحریک انصاف کے رہنما میاں اسلم اقبال کے گرد گھیرا مزید تنگ کردیا گیا، اور اب بڑے بھائی کے بعد میاں اسلم اقبال کے بھتیجے حمزہ کو بھی گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق پی ٹی آئی رہنما میاں اسلم اقبال کے بھتیجے حمزہ کی لوکیشن نومئی کو جناح ہاؤس پر آئی، اس کے موبائل سے جوئے کی بک کا ریکارڈ بھی ملا۔ پولیس کا کہنا تھا کہ میاں حمزہ اور میاں اکرم کی نشاندہی پر میاں اسلم اقبال کی گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں۔ یاد رہے کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی القادر ٹرسٹ کیس میں نیب کے ہاتھوں گرفتاری کے بعد پی ٹی آئی کارکنوں نے ملک بھر میں جلاؤ گھیراؤ شروع کردیا۔ اس دوران تحریک انصاف کے کارکنوں نے سول اور عسکری تنصیبات کو شدید نقصان پہنچایا، جن کیخلاف انسداد دہشت گردی، آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت مقدمات درج ہیں

بقیہ 46

پرورانی خاندان کے نہایت ممنون ومشکور ہیں۔

بقیہ 47

اے کمرشل بینکنگ سرکل پشاور کی بڑی کارروائیاں حوالہ ہنڈی اور کرنسی کی غیر قانونی ایکسچینج میں ملوث 4 ملزمان گرفتار۔ چھاپے کے دوران ملزمان کے قبضے سے 3 کروڑ 43 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد کر لئے گئے ملزمان برآمد ہونے والی کرنسی کے حوال سے حکام کو مطمئن نہ کر سکے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 48

فواد چوہدری نے اڈیالہ جیل کے باہر پریس کانفرنس کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ان کا پی ٹی آئی کی سابقہ لیڈر شپ سے رابطہ ہوا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے متعدد رہنماؤں نے فواد چوہدری سے رابطوں کی تردید کر دی۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنماؤں نے پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی تھی۔ ملاقات کے بعد فواد چوہدری نے دعویٰ کیا تھا کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنماؤں سے تفصیلی گفتگو ہوئی ہے اور پارٹی میں شامل افراد سے بھی رابطے کئے گئے ہیں۔ تاہم پی ٹی آئی کے متعدد رہنماؤں نے فواد چوہدری سے رابطوں کی تردید کر دی۔ اس حوالے سے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ میرا فواد چوہدری سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ شاہ محمود قریشی کے بیٹے زین قریشی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنماؤں کے شاہ محمود سے ملاقات پر تاثر کی تردید کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی پارٹی کے وائس چیئرمین ہیں۔ حماد اظہر نے کہا کہ میں چیئرمین عمران خان کا کارکن ہوں اور تحریک انصاف کا عہدہ دار، اگر کوئی دوست مشورہ یا حل تجویز کرنا چاہیں تو اس کا حتمی فیصلہ صرف عمران خان ہی کریں گے۔

بقیہ 49

میں کمی ہونا ہوا کا تازہ جھونکا ہے، مسلم لیگ (ن) کی قیادت عوام کے دکھ درد کو سمجھتی ہے، یہی جماعت ملک کو بحرانوں سے نکالے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ اپنے دور اقتدار میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کیلئے اقدامات کیے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم حکومت عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے انتھک کوشش کررہی ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد ان شاءاللہ اشیا خورد ونوش کی قیمتوں میں بھی نمایاں کمی کی جارہی ہے

بقیہ 50

کو عالمی سطح پر ختم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ پلاسٹک ہمارے سمندروں میں چھا رہا ہے، پاکستان سالانہ دو کے ٹو کے مساوی پلاسٹک کا کچرا پیدا کرتا ہے، ان صنعتوں کی معاونت کی جائے جو کہ اپنے کاروبار اور کاموں کو گرین پر منتقل کررہے ہیں، حکومتیں آلودگی نہیں پھیلا رہی ہیں، بڑی صنعتیں اور کمپنیاں سب سے بڑی آلودگی پھیلانے والی ہیں، شام کو مارکیٹس کیوں 6 بجے کے بعد کھلی رہتی ہیں۔

بقیہ 51

، ایک شخص حراستی مرکز جبکہ ایک جیل میں ہے، مئی میں 12 مقدمات جبری گمشدگی نہ ہونے پر نمٹائے گئے، لاپتہ افراد کمیشن کو گزشتہ ماہ اپریل تک مجموعی طور پر 9707 مقدمات موصول ہوئے، گزشتہ ماہ اپریل تک کمیشن نے 7273 مقدمات نمٹائے۔

بقیہ 52

تسلی بخش نہ ہونے پر ترقی روک دی گئی۔ اجلاس میں متعلقہ اسسٹنٹ کو کم از کم ایک سال زیر مشاہدہ رکھنے پر اتفاق ہوا۔ کمشنر نے بتایا کہ تعلیمی بورڈ سمیت ڈویژن بھر میں ملازمین کی محکمانہ ترقیوں کے لئے ڈی پی سیز کا سلسلہ جاری ہے اور سروس ریکارڈ و دیگر درکار شرائط مکمل ہونے پر ملازمین کو حق دیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محکموں میں عرصہ دراز سے ترقی کے منتظر ملازمین کی دادرسی اولین ترجیح ہے۔ نگران حکومت پنجاب نے بھی ملازمین کو قواعد وضوابط مکمل ہونے پر ترقی دینے کی واضح ہدایات جاری کر رکھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محنتی، ذمہ دار اور لگن سے محکمانہ فرائض انجام دینے والوں کی حق تلفی نہیں ہوگی

بقیہ 53

، اپریل 2023 میں ملزم نے ٹرانسجینڈر رسیف عرف کملو کو بھی قتل کر دیا، ملزم نے دونوں ٹرانسجینڈ رز کو زیادتی کے بعد قتل کیا، ملزم پہلے ٹرانسجینڈ رز سے راہ ورسم بڑھاتا اور پھر زیادتی کے بعد قتل کر دیتا تھا، دونوں وارداتوں میں طریقہ قتل زیادتی کے بعد گلے میں پھندہ ڈال کر قتل کرتا تھا، ملزم قبل ازیں جنوری 2020 میں رحیم یار خان میں بھی شوروم کے مالک کو اسی انداز میں قتل کر چکا ہے، ٹرانسجینڈ ر کے قتل کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ملزم کی گرفتاری کے لئے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور ایس پی راول کی زیر نگرانی خصوصی ٹیم تشکیل دی تھی، تفتیشی ٹیم نے انتھک محنت کے بعد سیریل کلر کا سراغ لگا کر گرفتار کرلیا، ملزم کا ڈی این اے ٹیسٹ کروایا گیا ہے، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کروایا جائے گا، ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے تمام قانونی تقاضے پورے کئے جائیں گے، سی پی او سید خالد ہمدانی نے بہترین تفتیش پر تفتیشی افسر اور ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام نوازا

بقیہ 54

اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ کرنل ر فواد حنیف نے ایسوسی ایشن کی مختلف شعبوں میں کی جانے والی کاوشوں پر بریفنگ دی اور کہا کہ اپسما سے وابستہ تعلیمی ادارے پاکستان، ترکی و آذربائیجان کے مابین ثقافت، کھیل و تعلیم کے شعبوں میں عملی طور پر حصہ لے رہے ہیں۔ اور مستقبل قریب میں یتیم بچوں کی کفالت اور مفت تعلیم کی فراہمی کے لیے خبیب فاؤنڈیشن کے ساتھ بھی ملکر کام کریں گے۔ کرنل ر مرتضی علی شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ موجودہ نصاب تعلیم ایک باکردار اور معیاری مسلمان پیدا کرنے سے قاصر ہے۔ حضور کے اسوہ حسنہ اور فکر اقبال کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ تقریب سے محمد فرقان چوہدری، عامر انور، آغا شہاب، راجہ ثنا اللہ، وسیم سیفی، مسز سکینہ تاج، انعام احمد اور ملک شہزاد نے بھی خطاب کیا

بقیہ 55

۔تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راہزنی کی وارداتوں میں ملوث طیب گینگ کے سرغنہ کو 03 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ طیب، عبدالباسط، عتیق اور فیاض شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 01 لاکھ 50 ہزار روپے، 02 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جارہا ہے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے ایس ایچ او نصیر آباد اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 56

5 جون سے شروع ہوں گے۔ اعلیٰ وثانوی تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر جعفر علی نے بتایا کہ ریگولر امیدواروں کی رول نمبر سلپس ان کے متعلقہ تعلیمی اداروں کو جبکہ پرائیویٹ طلبہ کی رول نمبر سلپس ان کے داخلہ فارمز پر درج پتوں پر ارسال کردی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی امیدوار کو رول نمبر سلپ نہ ملے تو وہ فوری طور پر متعلقہ بورڈ کی انٹر برانچ کے انچارج سے رابطہ کر سکتا ہے جبکہ رول نمبر سلپ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے تاہم اگر کسی طالب علم کے کوائف نامکمل یا بقایا فیس کی وجہ سے رول نمبر سلپ روک لی گئی ہے تو وہ فوری اپنا اعتراض کلیئر کر کے رول نمبر سلپ حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں مزید معلومات، رہنمائی یا کسی مسئلہ کی صورت میں کنٹرولر امتحانات فیصل آباد بورڈ کے فون نمبر 041-2517710-11 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے

بقیہ 57

گھڑی میں ریسکیو 1122 کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر خطیر احمد ڈائریکٹر جنرل اور تمام ریسکیو انتظامیہ ان کے لواحقین کے ساتھ ہے۔ اللہ پاک مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور ان کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا کرے

بقیہ 58

اداروں کے خلاف تھی، باضمیر سیاسی رہنماؤں اور عہدیداروں نے حراست میں لیے گئے اور بغیر حراستی پی ٹی آئی چھوڑنے والوں کی فہرست طویل ہونے لگی ہے، رواں ماہ کے دوران پارٹی کے نمایاں رہنماؤں، سابق اراکین قومی اور صوبائی اسمبلیوں نے عمران خان سے خود کو علیحدہ کرنے کا اعلان کیا، فواد چوہدری، شیریں مزاری، عامر کیانی، خسرو بختیار، جمشید چیمہ، مسرت جمشید چیمہ، ملیکہ بخاری بھی عمران خان سے راستے الگ کرنے والوں میں شامل ہیں، پی ٹی آئی چھوڑنے والوں کا سلسلہ نہ ختم ہونے والا جاری ہی ہے۔

بقیہ 59

کارروائیوں کی تفصیلات طلب کی جائیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ گرفتاری مطلوب ہے تو بتایا کہ جائے کن وجوہات پر تھری ایم پی او کی گرفتاری بنتی ہے؟۔ ڈپٹی کمشنر کو تھری ایم پی او تحت گرفتاری کا آرڈر جاری کرنے سے روکا جائے۔ دوسری جانب فواد چوہدری کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے کے دعوی پر اسد قیصر نے تردید کر دی۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں تحریک انصاف کے سابق رہنماؤں نے شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی تھی، ملاقات کے بعد فواد چوہدری نے دعوی کیا تھا کہ مختلف رہنماؤں سے تفصیلی گفتگو ہوئی اور پارٹی میں شامل افراد سے بھی رابطے کئے گئے۔ تاہم اس حوالے سے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ میرا فواد چوہدری سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ شاہ محمود قریشی کے بیٹے زین قریشی کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنماؤں کی شاہ محمود قریشی سے ملاقات پر تاثر کی تردید کرتا ہوں۔ جبکہ حماد اظہر نے کہا کہ عمران خان کا کارکن اور تحریک انصاف کا عہدہ دار ہوں، اگر کوئی دوست مشورہ یا حل تجویز کرنا چاہیں تو اس کا حتمی فیصلہ صرف عمران خان ہی کریں گے۔

بقیہ 60

پاک فوج قوم کا سرمایہ اور سلامتی کی علامت اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں فوج کے شہیدوں کے وارث ہیں

بقیہ 61

اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 62

خان نے گزشتہ روز پشاور میں ان کی رہائش پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مختلف سیاسی وعوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 63

گوندل نے سخت ایکشن لیتے ہوئے ویڈیو سے شناخت ہونے والے اے ایس آئی امتیاز، کانسٹیبلز ارسلان، ناصر اور شان پرویز کو معطل کر کے ایس پی مدینہ ٹاؤن حافظ کامران اصغر کو انکوائری کا حکم دیا، سی پی او کا کہنا تھا کہ کسی پولیس والے کو کسی پر بھی تشدد کی اجازت نہیں دی جا سکتی، تشدد بذات خود ایک قانون شکنی ہے، پولیس قانون کی محافظ ہے، اگر قانون کے محافظ قانون شکنی پر اتر آئیں تو اس سے عوام اور پولیس کے مابین خلیج کم ہونے کی بجائے بڑھ جاتی ہے، سی پی او عثمان اکرم گوندل کا کہنا تھا کہ ایس پی کی انکوائری کی روشنی میں ذمہ دار پولیس اہلکاروں کے خلاف پولیس رولز کے تحت سخت محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی

بقیہ 64

ویگن اور مستونگ سے کوئٹہ جانیوالی بس آپس میں ٹکرا گئیں ۔حادثے میں ایک خاتون سمیت 5 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 6 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں ۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں اور لاشوں کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کر دیا۔

PDM PTI اصولوں پر نہیں ذاتی مفادات کیلئے لڑ رہے ہیں، سراج الحق

کہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے چاروں طرف غربت ہے، عدالتوں میں انصاف نہیں مل رہا، امیر جماعت اسلامی

سرکاری اور غیر سرکاری منصوبوں کو ذاتی مفاد کے لیے استعمال کیا گیا، ساری تباہی کی وجہ موجودہ اور سابق حکمران ہیں

لاہور(خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی لڑائی اصولوں پر نہیں بلکہ ذاتی مفادات کے لیے ہے۔میڈیا سے گفتگو میں امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے چاروں طرف غربت ہے، عدالتوں میں انصاف نہیں مل رہا، عام آدمی کے لیے علاج کی سہولیات میسر نہیں ہیں، ساری تباہی اور بربادی کا ذمہ دار کون ہے؟ سرکاری اور غیر سرکاری منصوبوں کو ذاتی مفاد کے لیے استعمال کیا گیا، ساری تباہی کی وجہ موجودہ اور سابق حکمران ہیں۔انہوں نے کہا ان تمام کی لڑائی اصولی اختلاف پر نہیں ہے، ان کی آپس میں ذاتی اور مفادات کی لڑائی ہے، پی ٹی آئی بھی یہی کہتی تھی کہ ہم نے پرانی حکومتوں کا گند صاف کرنا ہے، پی ڈی ایم (بقیہ نمبر 31)

TECH NATION PAKISTAN

اسلام آباد: وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق کے ہمراہ گلوبل ایگزیبیشن کے وفد کا گروپ فوٹو

آڈیو ٹیپس خصوصی کمیٹی کی کارروائی روکنا آرٹیکل 69 کی خلاف ورزی ہے، رضا ربانی

آرٹیکل 69 کہتا ہے کہ عدالتیں پارلیمنٹ کی کارروائی کے بارے میں پوچھ گچھ یا مداخلت نہ کریں، سینیٹر

ایک بیان میں سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ عدلیہ کی پارلیمنٹ کی اندرونی کارروائی میں مسلسل مداخلت افسوسناک ہے

اسلام آباد(خبر نگار) پیپلز پارٹی کے رہنما اور سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے آڈیو ٹیپس خصوصی کمیٹی کی کارروائی روکنا آرٹیکل 69 کی خلاف ورزی ہے۔اپنے ایک بیان میں سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ عدلیہ کی پارلیمنٹ کی اندرونی کارروائی میں مسلسل مداخلت افسوسناک ہے، آرٹیکل 69 کہتا ہے کہ عدالتیں پارلیمنٹ کی کارروائی کے بارے میں پوچھ گچھ یا مداخلت نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پارلیمانی کمیٹی پارلیمنٹ کی توسیع ہے، اس لیے اسے استثنی حاصل ہے، اس حوالے سے چیئرمین سینیٹ اور سپیکر قومی اسمبلی کی متعدد رولنگز موجود ہیں۔رضا ربانی کا مزید کہنا تھا کہ آئین نے تمام اداروں کو اختیارات تقسیم کر دیے ہیں، پارلیمانی اور جمہوری نظام میں ہر ادارے کو اپنی آئینی حدود کے اندر رہ کر کام کرنا ہوگا۔

ملتان: پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے ریلی نکالی جارہی ہے

ڈپٹی کمشنر کے انٹرمیڈیٹ کے مختلف امتحانی مراکز کے سرپرائز دورے

امتحانات کے شفاف انعقاد سمیت سٹوڈنٹس کو فراہم کی جانیوالی دیگر سہولیات کا جائزہ

غیر متعلقہ افراد کو امتحانی مراکز سے دور رکھا جائے، نقل کی روک تھام کیلئے خصوصی نگرانی کی جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سرمد تیمور نے ضلع شیخوپورہ میں قائم طلباء وطالبات کے انٹرمیڈیٹ کے مختلف امتحانی مراکز کے اچانک دورے کئے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے امیدواروں کی رول نمبر سلپس چیک کیں۔انہوں نے امتحان کے شفاف انعقاد سمیت سٹوڈنٹس کو فراہم کی جانیوالی دیگر سہولیات کا جائزہ بھی لیا۔انہوں نے امتحان کی نگرانی کے لیے تعینات کے گئے سپرنٹنڈنٹس اور نگران عملہ سے ملاقات کی۔اس دوران انہوں نے امیدواروں کی امتحانی کاپیاں بھی چیک کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 32)

ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 5 کیس رپورٹ

اسلام آباد میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 227 ٹیسٹ کئے گئے

کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 7 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 5 کیس رپورٹ ہوئے جبکہ 7 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔جمعرات کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی طرف سے جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 ہزار 36 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 5 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح مثبت کیسز کی شرح 0.25 فیصد رہی اور اس دوران کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 7 مریضوں (بقیہ نمبر 33)

کراچی: بیگم ثمینہ عارف علوی چلڈرن سینٹر کا دورہ کر رہی ہیں

منا بھائی ایم بی بی ایس کو پارٹی نے شوکاز نوٹس جاری کر دیا، عمر ایوب

عمران خان نے بھی احمقانہ پریس کانفرنس پر 10 ارب روپے ہرجانے کا دعویٰ کر دیا

اسلام آباد(اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب نے وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کو منا بھائی ایم بی بی ایس کہہ دیا۔انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ منا بھائی ایم بی بی ایس مشکل میں ہیں کیونکہ پی پی پی نے انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے بھی احمقانہ پریس کانفرنس کے بعد ان پر 10 ارب روپے ہرجانے کا دعویٰ کر دیا ہے۔انہیں صرف یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ وہ اپنے حواس میں نہیں (بقیہ نمبر 38)

پٹرول اور ڈالر سستا ہونے کے بعد آٹا بھی سستا ہوگیا

چکی آٹا کی فی کلو قیمت میں 20 روپے تک کمی کر دی گئی

اوپن مارکیٹ میں گندم کی فی من قیمت 4300 روپے مقرر کی گئی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پٹرول اور ڈالر سستا ہونے کے بعد آٹا بھی سستا ہوگیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد لاہور میں چکی آٹا کی فی کلو قیمت میں 20 روپے تک کمی کر دی گئی۔چکی آٹے کی فی کلو قیمت 150 روپے مقرر کی گئی ہے۔اوپن مارکیٹ میں بھی گندم کی فی من قیمت میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔اوپن مارکیٹ میں گندم کی فی من قیمت 4300 روپے مقرر کی گئی ہے۔چکی آنرز ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ گندم کی قیمت کم ہوگی تو آٹے کا ریٹ بھی کم ہوگا۔جب کہ ق حکومت نے یوٹیلٹی سٹورز پر گھی کی قیمت میں 68 روپے تک کی کمی کر دی ہے۔جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کوکنگ آئل اور گھی کی قیمتوں میں کمی کا اطلاق آج سے ہوگا، گھی کی فی کلو قیمت میں 68 روپے تک کمی کی گئی ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے بھی برانڈڈ گھی کی قیمت میں 69 روپے فی کلو کی کمی کی گئی تھی جبکہ کوکنگ آئل کی قیمتوں میں بھی 18 روپے سے لیکر 76 روپے فی لیٹر کمی کی (بقیہ نمبر 36)

9 مئی کے واقعات میں ملوث 300 میں سے 46 خواتین کو گرفتار کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نگران وزیر اطلاعات پنجاب عامر میر کا کہنا ہے کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث پولیس کو مطلوب 300 میں سے 46 خواتین گرفتار ہوئیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق عامر میر نے کہا ہے کہ گرفتار 46 خواتین میں سے اب تک 29 خواتین ضمانت پر رہا ہو چکی ہیں، شناخت پریڈ کیلئے جیل میں موجود خواتین کی تعداد صرف 17 ہے (بقیہ نمبر 35)

"ڈاکٹر عافیہ بار بار کہہ رہی مجھے اس جہنم سے نکالو"، سینیٹر مشتاق

ملاقات کے اختتام پر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو زنجیروں میں لے جایا گیا

اسلام آباد(خبر نگار) امریکی جیل میں دو پاکستانی بہنوں نے مسلسل دوسرے روز بھی ملاقات کی، جس میں ڈاکٹر عافیہ بار بار کہہ رہی تھیں مجھے اس جہنم سے نکالو۔ ڈاکٹر عافیہ امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر فورٹ ورتھ میں قائم امریکی جیل ایف ایم سی کارزویل میں قید ہیں۔ دوسری ملاقات میں جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان اور انسانی حقوق کے وکیل کلائیو اسمتھ بھی موجود تھے، سینیٹر مشتاق خان نے ٹوئٹ میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی سے ملاقات کا احوال بیان کیا۔انھوں نے لکھا ڈاکٹر عافیہ سے 3 گھنٹے ملا (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں

07 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، عامر خان نیازی

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم شہزاد سے 400 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم صہیب سے 01 کلو 100 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم نایاب سے 540 گرام چرس، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم احمد حفیظ سے 660 گرام چرس، نصیرآباد پولیس نے ملزم دانیال سے 05 لیٹر شراب، وارث خان پولیس نے ملزم ارسلان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم عاصم ظہور سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔مقدمات درج۔تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم شہزاد سے 400 گرام چرس،(بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ریونیو سے متعلقہ عوامی خدمت، کھلی کچہری کا انعقاد ہوا

لاہور(نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر میاں رفیق احسن ننکانہ صاحب کی زیر صدارت ریونیو سے متعلقہ عوامی خدمت کھلی کچہری کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر اے ڈی سی آر، تحصیلدار، ریونیو افسران، اراضی ریکارڈ سنٹر وڈومیسائل سے متعلقہ عملہ سمیت شہریوں نے کھلی کچہری میں کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے منعقدہ کھلی کچہری میں سائلین (بقیہ نمبر 37)

پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر میں ریونیو عوامی خدمت سروسز کا انعقاد کیا گیا

لاہور(اسپیشل رپورٹر) پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع بھر میں تحصیل کی سطح پر ریونیو عوامی خدمت سروسز کا انعقاد کیا گیا۔اسسٹنٹ کمشنر قصور رضوان الحق پوری نے ضلع کونسل ہال میں عوام الناس کے ریونیو سے متعلق مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کئے۔اسسٹنٹ کمشنر محمد عامر بٹ نے تحصیل چونیاں میں، اسسٹنٹ کمشنر ماہین فاطمہ نے تحصیل کوٹ رادھا کشن میں جبکہ اسسٹنٹ کمشنر رانا امجد محمود نے تحصیل پتوکی میں ریونیو عوامی خدمت سروسز کا انعقاد کر کے لوگوں کے ریونیو (بقیہ نمبر 40)

لاہور پولیس کے گداگری میں ملوث منظم گروہ کو پکڑنے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری

لاہور(جنرل رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی خصوصی ہدایت پر صوبائی دارلحکومت میں پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے گروہوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے تاکہ بھکاری مافیا سے چھٹکارا مل سکے۔آج یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان لاہور پولیس نے کہا کہ گداگری میں ملوث منظم گروہوں کو پکڑنے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری ہیں۔گزشتہ ماہ سے (بقیہ نمبر 41)

پیرودھائی پولیس کی کاروائی، گاڑی چوری میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ گاڑی برآمد

راولپنڈی(کرائم رپورٹر پیرودھائی پولیس کی کاروائی، گاڑی چوری میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ گاڑی برآمد۔تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کاڑی چوری میں ملوث ملزم حمزہ اشرف کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چوری شدہ ہنڈا گاڑی برآمد ہوئی، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ کار و موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 42)

ممنوعہ فنڈنگ کیس پایہ تکمیل تک پہنچتا تو 9 مئی کا واقعہ پیش نہ آتا، جاوید لطیف

نواز شریف نے 1993 کے بعد 6 الیکشنز لڑے، 6 الیکشنز میں سے 3 میں مائنس کرنے کی کوشش کی گئی

جاوید لطیف کا مزید کہنا تھا کہ آج سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے کو بھی وقت کے قاضی تحفظ دیتے ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر جاوید لطیف نے کہا ہے کہ اگر ممنوعہ فنڈنگ کیس پایہ تکمیل تک پہنچ جاتا تو شاید 9 مئی کا واقعہ پیش نہ آتا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما مسلم لیگ ن جاوید لطیف نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کن کے کہنے پر ہوئے سب ثبوت موجود ہیں، گزشتہ کئی ہفتوں سے اندرونی اور عالمی سازش کی بات چل رہی ہے، یہ اندرونی سازش بھی تھی اور عالمی بھی، مختلف ممالک سے ملزم کو بچانے کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے 1993 کے بعد 6 الیکشنز لڑے، 6 الیکشنز میں سے 3 میں مائنس کرنے (بقیہ نمبر 43)

بہاولپور: حافظ احمد مدنی ممبر پنجاب کونسل پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب آصف علی زرداری سے ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد: بارش کے بعد شاہ فیصل مسجد کے خوبصورت مناظر

بنوں میں انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی تعمیراتی کام شروع

سابق وزیر اعلی خیبر پختونخوا اکرم خان درانی اور زاہد اکرم درانی کو خراج تحسین پیش کیا

پشاور (جنرل رپورٹر) بنوں کے عوام نے سٹیلائیٹ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی تعمیراتی کام شروع ہونے پر سابق وزیر اعلی خیبر پختونخوا اکرم خان درانی اور زاہد اکرم درانی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔چیف آف سردی خیل ملک عباس علی نے کہا کہ بنوں کی معروف شخصیت اکرم خان درانی اور زاہد اکرم درانی کی کوششوں سے پشاور انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی ایک شاخ یعنی سٹیلائیٹ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا خلیفہ گلنواز ہسپتال بنوں میں تعمیر پر کام شروع ہوگیا ہے، اب امراض قلب کے مریض اپنے گھر کی دہلیز پر یعنی بنوں ہی میں اپنا علاج کروا سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس اقدام (بقیہ نمبر 46)

پٹرولنگ پولیس نے دوران ڈکیتی لوٹا ہوا کروڑوں کا سونا برآمد کرلیا

دو کروڑ کے لگ بھگ سونا اور گاڑی برآمد کرنے پر پٹرولنگ پولیس کا شکریہ ادا کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پٹرولنگ پولیس نے دوران ڈکیتی لوٹا ہوا کروڑوں کا سونا اور کار پکڑ کر برآمد کر لی ایس پی محمد بن اشرف کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے پٹرولنگ پوسٹ خوشحال گڑھ اٹک نے دوران ڈکیتی چھینا ہوا کروڑوں کا سونا اور گاڑی پکڑ لی تفصیلات کے مطابق دوران گشت صغیر احمد سب انسپکٹر نے بتایا کہ زاہد محمود اسسٹنٹ سب انسپکٹر ہمراہ پٹرولنگ ٹیم کو ریلوے پھاٹک کے پاس روڈ کنارے ایک (بقیہ نمبر 44)

پٹرولنگ پولیس نے دوران ڈکیتی لوٹا ہوا کروڑوں کا سونا برآمد کرلیا ملزم گرفتار

پولیس حماد اظہر اور میاں اسلم اقبال کی گرفتاری کے لیے متحرک

لاہور (نیوز رپورٹر) پولیس لاہور میں جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے معاملے پر پی ٹی آئی کے رہنماؤں حماد اظہر اور میاں اسلم اقبال کی گرفتاری کے لیے متحرک ہو گئی۔ رپورٹ کے مطابق حماد (بقیہ نمبر 45)

ایف آئی اے پشاور کی کاروائی غیر قانونی کرنسی کے کاروبار میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

پشاور (جنرل رپورٹر) ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل پشاور کی بڑی کارروائی، حوالہ ہنڈی اور کرنسی کی غیر قانونی ایکسچینج میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ترجمان ایف آئی اے پشاور کے مطابق چھاپے کے دوران ملزمان کے قبضے سے 3 کروڑ 43 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد کر لئے، ملزمان برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سائف آئی (بقیہ نمبر 47)

بڑی خوشخبری، اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں بڑی کمی کر دی

اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں 37 روپے فی کلو کمی کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کر دیا

نوٹی فکیشن کے مطابق ملک بھر میں امپورٹ اور لوکل ایل پی جی کی قیمت 197 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے

گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 438 روپے اور کمرشل سلنڈر کی قیمت میں 1686 روپے کمی کی گئی ہے

اسلام آباد(نامہ نگار) اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں 37 روپے کی بڑی کمی کر دی۔ایل پی جی کی قیمت میں حیرت انگیز طور پر بڑی کمی آئی ہے، اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں 37 روپے فی کلو کمی کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کر دیا۔نوٹی فکیشن کے مطابق ملک بھر میں امپورٹ اور لوکل ایل پی جی کی قیمت 197 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے۔گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 438 روپے اور کمرشل سلنڈر کی قیمت میں 1686 روپے کمی کی گئی ہے۔ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن پاکستان کے چیئرمین عرفان کھوکھر نے کہا ہے کہ گھریلو سلنڈر 2322 روپے اور کمرشل سلنڈر 8933 روپے میں فروخت ہوگا، ہمارے فارمولے پر عمل کیا جائے تو قیمت میں مزید کمی کی جاسکتی ہے۔ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن پاکستان کے چیئرمین عرفان کھوکھر نے کہا ہے کہ گھریلو سلنڈر 2322 روپے اور کمرشل سلنڈر 8933 روپے میں فروخت ہوگا، ہمارے فارمولے پر عمل کیا جائے تو قیمت میں مزید کمی کی جاسکتی ہے۔

جو فواد چوہدری کر رہے ہیں، میں اس میں ایکٹیو نہیں

فواد چوہدری ایکٹیو ہیں تو وہی بتائیں گے کہ کیا کر رہے ہیں، اسد عمر

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) عسکری ٹاور حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کا معاملہ، عدالت نے پی ٹی آئی رہنما اسد عمر کی عبوری ضمانت 13 جون تک منظور کر لی۔انسداد دہشت گردی عدالت ہے جج اعجاز احمد بٹر نے سماعت کی۔عدالت نے ایک لاکھ کے ضمانتی مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی۔دوران سماعت وکیل نے بتایا پتہ چلا ہے کہ اسد عمر اس مقدمہ میں مطلوب ہیں، اسد عمر 9 مئی کو اسلام آباد میں تھے۔اسد عمر کا جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ سے کوئی تعلق نہیں ہیا سد عمر انسداد دہشت گردی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔اسد عمر مقدمہ نمبر 1271 تھانہ گلبرگ میں نامزد ہے۔عدالت نے اسد عمر کو مقدمے میں شامل تفتیش ہونے کا حکم دے دیا۔اسد عمر نے عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فواد چوہدری ایکٹیو ہیں تو وہی بتائیں گے کہ کیا کر رہے ہیں۔اور جو فواد چوہدری کر رہے ہیں میں اس میں ایکٹیو نہیں۔پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما کی جانب سے ایسے بیانات اس وقت سامنے آئے جب گزشتہ روز (بقیہ نمبر 48)

لاپتہ افراد کمیشن نے ماہانہ پیشرفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی

نمٹائے گئے 88 مقدمات میں سے 73 افراد گھروں کو واپس پہنچ گئے

جمعرات کے روز لاپتہ افراد کمیشن نے ماہانہ پیشرفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) لاپتہ افراد کمیشن نے ماہانہ پیشرفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی، لاپتہ افراد کمیشن میں زیر التوا مقدمات کی تعداد 2346 ہے۔جمعرات کے روز لاپتہ افراد کمیشن نے ماہانہ پیشرفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی، رپورٹ کے مطابق لاپتہ افراد کمیشن میں زیر التوا مقدمات کی تعداد 2346 ہے، رواں ماہ مئی میں کمیشن کو 82 مقدمات موصول ہوئے اور 88 مقدمات نمٹائے گئے، نمٹائے گئے 88 مقدمات میں سے 73 افراد گھروں کو واپس پہنچ گئے، رواں ماہ مئی میں لاپتہ ایک شخص کی لاش ملی، ایک شخص حراستی مرکز جبکہ ایک جیل میں ہے، مئی میں 12 مقدمات جبری گمشدگی نہ ہونے پر نمٹائے گئے، لاپتہ افراد کمیشن کو گزشتہ ماہ اپریل تک مجموعی طور پر 9707 مقدمات موصول ہوئے، گزشتہ ماہ اپریل تک کمیشن نے 7273 مقدمات نمٹائے۔رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی، رپورٹ کے مطابق لاپتہ افراد کمیشن میں زیر التوا مقدمات کی تعداد 2346 ہے، رواں ماہ مئی میں کمیشن کو 82 مقدمات موصول ہوئے اور 88 مقدمات نمٹائے گئے، نمٹائے گئے 88 مقدمات میں سے 73 افراد گھروں کو واپس پہنچ گئے، رواں ماہ مئی میں لاپتہ ایک شخص کی لاش ملی (بقیہ نمبر 51)

صنعتیں اور کمپنیاں سب سے زیادہ آلودگی پھیلا رہی ہیں، شیری رحمان

وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان کا فضائی آلودگی میں حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے

پاکستان نے کوپ 27 میں موقع حاصل کیا اور ایک گروپ کو متحد کیا ہے، پاکستان ماحولیاتی آلودگی کے اہداف کو حاصل کرلے گا

اسلام آباد(خصوصی خبر نگار) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان کا فضائی آلودگی میں حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے، مگر یہاں ہم 45 ڈگری سینٹی گریڈ کا درجہ حرارت برداشت کر رہے ہیں۔اسلام آباد میں بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے شیری رحمان نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے اس لئے بنائے گئے ہیں تاکہ ترقی پذیر ممالک کی معاونت کریں، فرانس میں ہونے والی کانفرنس عالمی مالیاتی نظام کی تنظیم نو کرے گی، پاکستان نے کوپ 27 میں موقع حاصل کیا اور ایک گروپ کو متحد کیا ہے، پاکستان ماحولیاتی آلودگی کے اہداف کو حاصل کر لے گا۔وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی نے کہا ہے کہ موجودہ مالیاتی نظام کلائمیٹ فنانس اہداف کیلئے موزوں نہیں ہے یہ کام نہیں کر سکے گا کیونکہ ماحولیاتی تبدیلی کیلئے ہزاروں ارب ڈالر کی ضرورت ہے، بھارت ہمارے پڑوس میں ایک بڑا آلودگی پھیلانے والا ہے، ایڈ اور فنڈنگ پائلٹس میں نہ لائیں چند اضلاع میں کام کرنے سے فائدہ نہیں ہو رہا ہے، پلاسٹک (بقیہ نمبر 50)

پیٹرولیم مصنوعات قیمتوں میں کمی حکومت کا بڑا کارنامہ ہے، سلیم رضا

لاہور (نیوز رپورٹر) رہنما مسلم لیگ (ن) محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرنا حکومت کا بڑا کارنامہ ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں خوشحالی کا دور شروع ہو چکا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں (بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد، تعلیمی بورڈ کے اسسٹنٹ شاہد حسین کو بطور سپرنٹنڈنٹ ترقی دے دی گئی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) کمشنر/چیئرپرسن بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سلوت سعید کی زیر صدارت تعلیمی بورڈ کی محکمانہ ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں تعلیمی بورڈ کے اسسٹنٹ بی ایس 16 شاہد حسین کو بطور سپرنٹنڈنٹ گریڈ 17 میں ترقی دینے کی منظوری دی گئی جبکہ دوسرے اسسٹنٹ کا سروس ریکارڈ (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی پولیس کی اہم کامیابی، دو اندھے قتل ٹریس

ٹرانسجینڈرز کو قتل کرنے والا سیریل کلر گرفتار، راولپنڈی پولیس دبنگ کارروائی

ملزم پہلے ٹرانسجینڈرز سے راہ ورسم بڑھاتا اور پھر زیادتی کے بعد قتل کر دیتا تھا، پولیس

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی اہم کامیابی، دو اندھے قتل ٹریس، ٹرانسجینڈرز کو قتل کرنے والا سیریل کلر گرفتار، ملزم علی حسین نے اڑھائی ماہ میں دو ٹرانسجینڈرز کو صادق آباد کے علاقہ میں قتل کیا تھا، ملزم نے دونوں ٹرانسجینڈرز کو زیادتی کے بعد قتل کیا، ملزم مقتولین کے ازار بند سے ہی گلے میں پھندہ ڈال کر قتل کرتا تھا، ملزم پہلے ٹرانسجینڈرز سے راہ ورسم بڑھاتا اور پھر زیادتی کے بعد قتل کر دیتا تھا۔تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے 02 ٹرانسجینڈرز کو قتل کرنے والے سیریل کلر علی حسین کو گرفتار کرلیا، ملزم نے فروری 2023 میں ٹرانسجینڈر ظہور عرف بے بو کو قتل کیا تھا (بقیہ نمبر 53)

آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا اہم اجلاس

ڈویژنل صدر ابرار احمد خان، ابرار احمد ایڈووکیٹ، کرنل رفواد حنیف، دیگر نے شرکت کی

راولپنڈی(عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن تحصیل راولپنڈی کی جنرل باڈی کا اہم اجلاس ایسلم ہائیر سیکنڈری سکول سٹیلائٹ ٹاؤن میں منعقد ہوا۔جس میں ڈویژنل صدر ابرار احمد خان، ابرار احمد ایڈووکیٹ، کرنل رفواد حنیف، مسز سکینہ تاج، وسیم سیفی، مسز لبنیٰ رشید و دیگر نے شرکت کی۔ایسوسی ایشن کے صدر و ممبر ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی ابرار احمد خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایپسما نجی تعلیمی اداروں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کی واحد ملک گیر نمائندہ تنظیم ہے۔بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انکی تربیت کے لیے قرآن اور صاحب قرآن سے مضبوط تعلق ضروری ہے۔ایپسما سے وابستہ تمام ممبران ایسوسی ایشن کے مقاصد کے حصول اور اسکی ترویج و ترقی کے لیے (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی: ایپسما تحصیل راولپنڈی کے جنرل باڈی کے اجلاس کے موقع پر ڈویژنل صدر ابرار احمد خان، ابرار احمد ایڈووکیٹ، کرنل رفواد حنیف، دیگر نے شرکت کی اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

پشاور، ریسکیو 1122 پشاور کے شفٹ انچارج سید معمور شاہ دل کا دورہ پڑنے سے وفات پاگئے

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا ایمرجنسی ریسکیو سروس (ریسکیو 1122) پشاور کے شفٹ انچارج سید معمور شاہ دل کا دورہ پڑنے سے وفات پاگئے، مرحوم کا نماز جنازہ آج بروز جمعرات 4 بجے ان کے آبائی گاؤں محلہ سدوزئی ہزارخوانی میں ادا کیا جائیگا. ریسکیو 1122 پشاور کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ دکھ اور غم کی اس (بقیہ نمبر 57)

عمران خان کو 60 ارب کی میگا کرپشن کا حساب دینا ہوگا، رانا احمد سعید

حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عوام کو ریلیف اور معاشی ترقی کو ترجیح دے گی

جاتی عمرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما رانا احمد سعید نے کہا کہ وفاقی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عوام کو ریلیف اور معاشی ترقی کو ترجیح دے گی، صنعتی شعبے کی محرمیوں کو بھی ختم کیا جائے گا، اور دیگر مختلف شعبوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے جبکہ صنعتکاروں اور سرمایہ کار بھی ملکی برآمدات بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں، پی ٹی آئی بکھر رہی ہے، ن لیگ ہمیشہ مشکل وقت میں مستحکم رہی، سابق وزیراعظم عمران خان چاہتے ہیں انہیں این آر او دیا جائے، عمران خان کو پہلے 60 ارب کی میگا کرپشن کا حساب دینا ہوگا، ملکی سیاست میں اب ان کا کوئی کردار نہیں ہے، رانا احمد سعید نے مزید کہا کہ جمہوریت کی پہلی سیڑھی رواداری، دوسری اخلاق، تیسری دوسروں کو ترجیح دینا، جس سیاسی جماعت میں جھوٹ مکاری، سیاسی مخالفین کی تزلیل کی روش ہوگی اس کا انجام بھیانک ہوگا , 9 مئی کے ہنگاموں، جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے واقعات سے ملک کی جو جگ ہنسائی ہوئی ہے، یہ سازش حکومت کے خلاف نہیں پاکستان اور ریاستی (بقیہ نمبر 58)

نصیرآباد پولیس کی اہم کاروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث طیب گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) نصیرآباد پولیس کی اہم کاروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث طیب گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 01 لاکھ 50 ہزار روپے، 02 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد (بقیہ نمبر 55)

فیصل آباد سمیت صوبہ بھر میں انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کے سالانہ امتحانات 5 جون سے شروع ہوں گے

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، گوجرانوالہ، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، لاہور اور راولپنڈی کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کے سالانہ امتحانات (بقیہ نمبر 56)

ملتان: سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن جنوبی پنجاب الطاب بلوچ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گرفتاری کا خدشہ، اسد قیصر نے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

تھری ایم پی او کے تحت کارروائیوں کی تفصیلات طلب کی جائیں

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو گرفتاری کا آرڈر جاری کرنے سے روکا جائے، درخواست میں استدعا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) گرفتاری کا خدشہ، اسد قیصر نے عدالت سے رجوع کر لیا۔تفصیلات کے مطابق سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی جانب سے تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری سے بچنے کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی ہے۔درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ 9 مئی کے واقعات کے بعد پی ٹی آئی کے رہنماؤں کو تھری ایم پی او اور مختلف مقدمات میں گرفتار کیا گیا۔میرے خلاف دو بے بنیاد مقدمات درج کیے گئے جن میں ضمانت لے رکھی ہے، خدشہ ہے کہ تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کر لیا جائے گا۔ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سے تھری ایم پی او کے تحت (بقیہ نمبر 59)

شہید ہمیشہ زندہ ہیں شہداء کی بے لوث قربانیاں ہی ہماری حیات ہیں؛ کاشف اسماعیل

ہنجر وال (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنماء چوہدری کاشف اسماعیل نے کہا شہداء امت مسلماں کی پہچان ہیں، اور شہید ہمیشہ زندہ ہیں شہداء کی بے لوث قربانیاں ہی ہماری حیات ہیں ہم ان کو خراج عقیدت پیش کر تے ہیں (بقیہ نمبر 60)

فیصل آباد شہری پر مبینہ تشدد کی وائرل ہونے والی ویڈیو پر سی پی او کا سخت نوٹس

فیصل آباد (خبر نگار) فیصل آباد شہری پر مبینہ تشدد کی وائرل ہونے والی ویڈیو پر سی پی او کا سخت نوٹس، اے ایس آئی سمیت 4 پولیس اہلکاروں کو معطل کر کے ایس پی کو انکوائری کا حکم دے دیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ غلام محمد آباد کے علاقہ میں شہری پر پولیس کے مبینہ تشدد کی وائرل ہونے والی ویڈیو پر سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی عثمان اکرم (بقیہ نمبر 63)

پولیس پارٹی پر فائرنگ کرنے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ایس پی راول

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) رتہ امرال پولیس کی کاروائی، پولیس پارٹی پر فائرنگ کرنے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، مجرم سے 01 کلو 500 گرام چرس برآمد۔تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے پولیس پارٹی پر فائرنگ کرنے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم جاوید کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم جاوید سے 01 کلو 500 گرام چرس برآمد ہوئی، اشتہاری مجرم سال 2021 سے رتہ امرال پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 61)

انجینئر امیر مقام سے مسلم لیگ (ن) پشاور کے صدر کی ملاقات

ملاقات کے دوران مختلف سیاسی وعوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

پشاور (نیوز رپورٹر) مشیر وزیراعظم وصدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام سے مسلم لیگ (ن) ضلع پشاور کے صدر راشد محمود خان نے گزشتہ روز پشاور میں ان کی رہائش پر ملاقات کی۔ملاقات کے دوران مختلف سیاسی وعوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔مشیر وزیراعظم وصدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام سے مسلم لیگ (ن) ضلع پشاور کے صدر راشد محمود (بقیہ نمبر 62)

مستونگ مسافر وین اور بس میں تصادم، خاتون سمیت 5 افراد جاں بحق

حادثے میں ایک خاتون سمیت 5 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 6 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں

واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں اور لاشوں کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کر دیا

کوئٹہ(خصوصی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع مستونگ کیقر یب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں خاتون سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔افسوس ناک حادثہ مستونگ کیقر یب قومی شاہراہ پر جنگل کراس کے قریب پیش آیا جہاں کوئٹہ سے خضدار جانیوالی مسافر ویگن اور مستونگ سے کوئٹہ جانیوالی بس آپس میں ٹکرا گئیں۔حادثے میں ایک خاتون سمیت 5 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 6 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں اور لاشوں کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کر دیا۔بلوچستان کے ضلع مستونگ کیقر یب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں خاتون سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔افسوس ناک حادثہ مستونگ کیقر یب قومی شاہراہ پر جنگل کراس کے قریب پیش آیا جہاں کوئٹہ سے خضدار جانیوالی مسافر (بقیہ نمبر 64)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035